بمعہ جدید ہندی لگن سارنی اور 20 سالہ کوا کبی تقویم کے۔

ہندوؤں کو نجوم کے حوالے سے خاص شہرت حاصل ہے۔ اپنی قدامت اور پراسراریت کی وجہ سے بھی ہندی نجوم کو اہم خیال کیا جاتا ہے۔ اب اس موضوع پر ایک ایسی کتاب تحریر کر دی گئی ہے۔ جو ہندی نجوم کے متفرق پہلوؤں کا انتہائی خوبصورتی اور تکنیکی حوالے سے احاطہ کرتی ہے۔ ہر وہ فرد جو ہندی نجوم کو سمجھنے کا خواہش مند ہے وہ اس کتاب سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

ہندی نجوم کے موضوع پر اردو زبان میں کبھی بھی اس قدر جامع اور اعلیٰ پائے کی کتاب تحریر نہ کی گئی ہے۔ کتاب میں پاکستان کے اہم شہروں کی ہندی حساب سے تسویہ البیوت (لگن سارنی) بھی دی گئی ہے۔ ہندی حساب سے لگن سارنی آج کی تاریخ تک پوری دنیا میں دستیاب نہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہندی حساب سے 20 سال کی کوا کبی رفتاریں (2001 تا 2020) بھی اس کتاب میں شامل ہیں۔ خیال رہے لگن سارنی اور ستاروں کی پوزیشن ہندی حساب سے استخراج کی گئی ہے اور آپ کو پاکستان کے لیے اس میں کچھ جمع تفریق نہ کرنا پڑے گا۔

لوح نورانی

روحانیات میں حروف مقطعات ونورانی کو غیر معمولی مانا جاتا ہے۔ اِن کے اسرار ہر کسی پر الگ طریقے سے منکشف ہوتے ہیں اور ہر ایک کا مکاشفہ ومشاہدہ اِن کی روحانیت کے حوالے سے الگ ہے۔ قرآن عظیم کی متعدد سورتوں کی ابتداء اِن سے ہوتی ہے۔ یہ اپنے اسرار کے ساتھ ہر سعد و نیک کام کے حوالے سے عملیاتی و روحانی موثریت کے حامل ہیں۔ کوئی بھی امر ہو اس کے لیے اِن کو مجرب وموثر پایا گیا ہے۔ صحت، نوکری، اولاد، شادی، سفر، بزنس، خوبصورتی، لطافت، ذہانت، یاداشت، اولاد، شہرت، ردسحر و بندش جیسے لاتعداد امور کے لیے اس لوح سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو نے ہمیں معاف نہ کیا اور ہم پر رحم نہ فرمایا تو ہم برباد ہو جائیں گے۔

والدین کے لیے بہترین دعا (زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی)

رب ارحمھما کما ربینی صغیرا۔ (17:24)

اے میرے رب کریم! تو ان دونوں پر رحم فرما جس طرح انہوں نے بچپن میں میری (شفقت کے ساتھ) پرورش کی۔

عذاب جہنم سے بچنے کے لیے

ربنا اصرف عنا عذاب جھنم ان عذابھا کان غراما انھا سائت مستقرا ومقاما۔

اے ہمارے رب کریم! ہمیں عذاب جہنم سے بچالے (کیونکہ) بلاشبہ اس کا عذاب (نافرمانوں) کو لازماً پکڑ لے گا اور جہنم تو نہایت ہی بری جگہ اور ٹھکانہ ہے۔ (25:65-66)

شیطان اور باقی تمام مخلوق سے حفاظت کے لیے

صبح وشام مندرجہ ذیل سورتوں اور آیات کے پڑھنے سے آپ انشاءاللہ شیطان کے حملوں سے محفوظ رہیں گے۔

1. اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ (بخاری)
2. رب اعوذ بک من ھمزت الشیطین۔ اعوذ بک رب ان یحضرون۔

اے میرے رب! میں شیطانی وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور اے میرے رب کریم! اس بات سے بھی پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے قریب آئیں۔ (23:97-98)

3. سورہ الفاتحہ (ابوداؤد)۔
4. سورہ الاخلاص والمعوذتین (نسائی)۔
5. آیت الکرسی (بخاری)۔
6. سورہ بقرہ کی آخری دو آیتیں (بخاری)۔

☆☆☆

اُصول و قواعد عملیات

کیا آپ عملیات ونقوش کے میدان میں مہارت حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں؟ عامل بننے کے خواہش مندوں اور عملیات کے مختلف شعبوں اور لاتعداد سوالات کے جوابات لیے ایک لاجواب کتاب اس کتاب کے موضوعات کے بارے میں مکمل تفصیل کے لیے کئی ایک صفحات درکار ہوں گے۔ اس لیے اِن کا یہاں ذکر ممکن نہیں۔ مختصر طور پر یہ سمجھ لیں یہ کتاب اُن تمام سوالات کے جوابات لیے ہوئے ہے۔ جو روحانی اور عملیاتی علوم کے کسی بھی طالب کے ذہن میں پیدا ہو سکتے ہیں۔ عملیات کے اُصول وقواعد پر ایک ایسی لاجواب کتاب جو اس سے قبل آپ کی نظروں سے نہ گزری ہوگی۔ مصنف خالد اسحاق راٹھور کے خاص عملیات اور راہنمائی اس کتاب کا خاص خاصہ ہے۔ وہ جو عامل بننا چاہتے ہیں یا علم عملیات کو سمجھنا چاہتے ہیں یا وہ جو عملیات میں مہارت حاصل کرنا چاہتے ہیں سب کے لیے اس کتاب کا مطالعہ ہر درجہ اہم ہے۔ دائرۃ البروج کے 360 درجات کے حوالے سے ہر ہر درجے کے خصوصی اعمال اس کتاب کا خاص حصہ ہیں۔ اس کتاب میں چھوٹے بڑے قریباً سات سو (700 عنوانات قائم کیے گئے ہیں۔ علم عملیات، نقوش، تعویذات اور علوم مخفی کے شعبے سے تعلق رکھنے والے ہر طالب علم اور ماہر فن کے لیے راہنما کتاب۔

امہات المومنین

آپ ﷺ کی شادیوں کی اہمیت۔

حضور ﷺ کی سب بیویاں امہات المومنین کہلاتی ہیں۔ (سورہ احزاب 33:6) آپ ﷺ نے کل 12 شادیاں کیں جن کی تفصیل نیچے دی گئی ہے۔

اسلام نے نکاح کے باہر کے تعلقات کو قطعی منع کیا ہے معاشرے میں بے راہ روی کو روکنے کے کے لیے۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو چار شادیاں کرنے کی اجازت دی ہے۔ (سورۃ نساء 4:3)

لیکن نبی ﷺ کو چار سے زیادہ شادیاں کرنے کی اجازت دی تھی۔ (سورہ احزاب 33:50)

اللہ تعالیٰ کے اس حکم کی اہمیت یہ ہے کہ مسلمان بیوہ عورتوں کو ایک گھر، حفاظت اور سربراہ میسر آسکے۔ باقاعدہ طریقہ سے شادی سے ان عورتوں کو نہ صرف ایک گھر، عزت اور تحفظ ملتا ہے بلکہ خوشی اور امید کا سہارا بھی ملتا ہے۔ ان کو بھی اور ان کے بچوں کو بھی۔ یقیناً یہ سب سے زیادہ باعزت اور بلند اخلاقی کردار کا تقاضہ ہے۔

شہر مکہ میں حضور ﷺ نے 3 نکاح کیے۔ حضرت خدیجہؓ سے، حضرت سودہؓ سے اور حضرت عائشہؓ سے۔

شہر مدینے میں آپ نے اور 9 خواتین سے نکاح کیا جو سب کی 40 اور 50 سال کی بیوائیں تھیں یا انکو انکے شوہروں نے طلاق دے دی تھی یہ سب خواتین مسلمان تھیں۔ اس طرح آپ ﷺ نے کل 12 نکاح کیے۔ ان میں سے 2 بیویاں حضرت خدیجہؓ اور حضرت زینبؓ آپ کی زندگی میں ہی وفات پا گئیں تھیں۔ باقی 9 ازدواج مطہرات آپ ﷺ کی وفات کے بعد بھی زندہ رہیں۔

یہ بات غور کرنے کی ہے کہ حضور ﷺ کی سیرت بے داغ تھی اور وہ بچپن سے ہی صادق اور امین کہلاتے تھے۔ آپ ﷺ کے دوست اور دشمن دونوں آپ ﷺ کی نیک سیرت اور پاک بازی کے گواہ تھے اور آج 1438 سال بعد (2017) میں بھی گواہ ہیں۔ آپ ﷺ نے مدینے میں ان 9 خواتین سے جو عمر رسیدہ بیوائیں تھیں ان سے نکاح انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کیے جب کہ حضور ﷺ کی عمر 54 سال سے 60 سال کے درمیان تھی۔ یعنی 6 سالوں کے درمیان 9 شادیاں کیں جنگوں کا زمانہ تھا اور کچھ مسلمان شہید بھی ہو رہے تھے اور عورتیں بیوہ ہو رہی تھیں۔ آپ ﷺ نے ان خواتین سے شادی کر کے ان کو ایک ٹھکانہ فراہم کرنے کے علاوہ ان نکاحوں نے مدینے کی اسلامی ریاست کا رشتہ دوسرے قبائلوں اور حکومتوں سے جوڑ دیا تھا۔ تاکہ ان سے اسلام کے خلاف جنگوں کا خطرہ نہ رہے۔

حضور ﷺ کو صرف حضرت خدیجہؓ سے چھ اولاد اور حضرت ماریہؓ سے ایک اولاد ہوئی۔

حضور ﷺ کی ازدواج مطہرات کا اسلام کو پھیلانے کی ذمہ داریاں تھیں۔ وہ مسلم خواتین کو صحیح راہنمائی فراہم کرتی تھیں۔ غلط فہمیوں کا ازالہ کرتی تھیں اور گھریلو معاملات میں اسلام سے راہنمائی کرتی تھیں۔

اللہ کے آخری پیغمبر ﷺ اپنی اولاد کے لیے ایک شفیق باپ تھے اور آپ ﷺ ایک ہمدرد اور محبت کرنے والے شوہر بھی تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیویاں نیکی، پارسائی اور شرافت کا پیکر تھیں۔ وہ سب سے بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں۔ انہیں مسلمان اُمت کی

مائیں "امھات المومنین" کہتے ہیں۔

مدینے میں آپ کے اتنے نکاح کرنے کا خالص مقصد یہ تھا کہ بے سہارا خواتین کی نگہداشت اور پرورش ہو جائے۔ یہ شادیاں حضور ﷺ نے زندگی کے آخری دور میں یعنی 54 سال اور 60 سال کے درمیان میں کیں۔ یہ زمانہ کئی جنگوں کا زمانہ تھا۔ اتنی شادیوں کو نبھانا ایک عام انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔ اسی زمانے میں عام مسلمانوں کو بھی چار شادیاں کرنے کی اجازت ملی تھی۔

شادی کرنے کی اہمیت:

شادی کرنا مرد اور عورت کی فطرت میں ہے اور اس کی جسمانی ضرورت بھی ہے۔ شادی کرنا اللہ کا حکم ہے۔ قرآن سورہ فاطر میں 35:38

آپ ﷺ نے تو خود عربستان سے 23 سالوں میں بے حیائی، بدکرداری اور بدفعلی کو ختم کر دیا تھا تو کیا ایسی ہستی خود جنسی دل کشی میں مبتلا ہو سکتا ہے؟ آپ ﷺ کا دامن ہمیشہ پاک اور بے داغ رہا ہے۔

آپ ﷺ کی شادیوں کی تفصیل

(۱) ام المومنین حضرت خدیجہ الکبریٰؓ:

آپ ﷺ جب 25 سال کے تھے تو آپ ﷺ خاتون حضرت بی بی خدیجہؓ کے تجارتی قافلے کو لیکر شام (سیریا) دوبار گئے۔ اس تجارت میں حضرت خدیجہؓ کو بہت فائدہ ہوا۔ حضرت خدیجہؓ نے آپ کو ایمان دار، صادق، محنتی اور شریف النفس انسان پایا، حضرت خدیجہؓ کی عمر 40 سال تھی اور وہ دوبارہ بیوہ ہو چکی تھیں انہوں نے آپ کو شادی کا پیغام اپنی سہیلی صفیہ کے ذریعہ بھیجا جسے آپ ﷺ نے قبول فرمالیا۔ دونوں نے 25 سال خوش گوار زندگی گزاری۔ ان سے آپ کو 2 بیٹے، حضرت قاسمؓ اور حضرت عبداللہؓ ہوئے جو دونوں بیٹے بچپن میں ہی انتقال فرما گئے۔ آپ کو اسی رشتے سے چار بیٹیاں بھی ہوئیں۔ (I) حضرت زینبؓ (II) حضرت رقیہؓ (III) حضرت ام کلثومؓ اور (IV) حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا پیدا ہوئیں۔

حضرت خدیجہ کا انتقال 65 سال کی عمر میں مکہ میں ہوا۔ اس وقت آپ ﷺ کی عمر 50 سال تھی حضرت خدیجہ کے بارے میں آپ ﷺ حضرت عائشہؓ سے اکثر ذکر کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے "جب لوگوں نے میری تکذیب کی تھی تو حضرت خدیجہؓ نے میری تصدیق کی تھی۔ جب لوگ کافر تھے تو حضرت خدیجہؓ نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا تھا۔ جب میرا کوئی معاون نہیں تھا تو انہوں نے میری اخلاقی مدد کی تھی اور میری مالی امداد بھی کی تھی میں اُنکا شکر گزار ہوں۔

(۲) حضرت سودہؓ:

حضرت خدیجہؓ کی وفات کے کچھ مہینوں بعد آپ ﷺ نے ایک بیوہ حضرت سودہؓ بنت زمعا سے نکاح کیا کہ حضرت کلثومؓ کی گھر میں دیکھ بھال بھی ہو سکے حضرت سودہؓ کچھ عرصے پہلے اپنے شوہر کے ساتھ مکے چھوڑ کر ابی سینیا ہجرت کر کے چلی گئیں تھیں وہاں سے واپسی پر اُنکے شوہر کا انتقال ہو گیا تھا۔ حضرت سودہؓ نے اپنے آپ کو غیر محفوظ پا کر حضور ﷺ کی خدمت میں پناہ مانگی۔ حضور ﷺ نے انہیں اپنی زوجیت میں لیکر ان سے شادی کی۔ اس طرح ان کو پناہ ملی اور بیٹیوں کی دیکھ بھال بھی ہو سکی۔

(۳) حضرت عائشہؓ:

نبوت کے 11 ویں سال، یعنی حضرت سودہؓ سے شادی کے ایک سال بعد حضور ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے جو حضرت ابوبکرؓ کی بیٹی تھی ان سے مکہ میں نکاح کیا۔ حضرت عائشہ کی عمر اس وقت 7-6 سال تھی۔ (لیکن ان کی رخصتی مدینے میں ہوئی جب وہ بالغ ہوئی تھیں اور انکی عمر 9 سال کی تھی)

حضور ﷺ کی وفات کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر 18 سال تھی۔ وہ حضور کی سب سے زیادہ محبوب بیوی تھیں۔ آپ ﷺ کی وفات

قسمت اور چانس

انعامی نمبروں کے موضوع پر بیرون ملک شائع ہونے والی ایک خاص کتاب کا ترجمہ کر کے شائع کیا گیا ہے یہ کتاب ذاتی لکی کیلنڈر بنانے اور ذاتی حوالے سے انعام کے حصول کے لیے خاص اوقات' یعنی جس وقت انعام نکلنے کا زیادہ امکان ہو' ذاتی لکی نمبر' نام کا عدد اور تاریخ وغیرہ کا نمبر معلوم کرنے کے حوالے سے ایک خاص کتاب' جس کو لکی' انعامی اور بانڈ نمبروں سے دلچسپی رکھنے والے ہر فرد کو لازماً پڑھنا اور استعمال میں لانا چاہیے۔ پورے سال کی قرعہ اندازیوں کے لیے استخراج شدہ انعامی آکڑے' بنڈل اور خاص ڈبی اس کتاب میں بیان کر دیئے گئے ہیں۔ ساتھ ہی ایک جامع اور مجرب فارمولا/طریقہ کار تحریر کیا گیا ہے جس کی مدد سے کوئی بھی فرد اپنی خوش قسمتی کا نمبر' دن اور وقت وغیرہ کو خود معلوم کر سکتا ہے۔

کے بعد حضرت عائشہؓ 48 سال مزید زندہ رہیں اور مسلمان عورتوں کو اسلام کی تعلم دیتی رہیں۔ ان سے 2210 حدیثیں مروہ ہیں۔

نوٹ: حضرت سودہؓ اور حضرت عائشہؓ کے ساتھ آپ ﷺ 5-6 سال تک رہے اور اس دور میں آپ نے کوئی دوسری شادی نہیں کی۔

نوٹ: آپ ﷺ نے 56 سال کی عمر سے 60 سال کی عمر میں یعنی 4 سال میں (یعنی 3 ہجری سے لیکر 7 ہجری کے درمیان) 9 شادیاں کیں۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے 60 کی سال عمر سے لیکر 63 سال کی عمر تک اور کوئی شادی نہیں کی۔

آپ ﷺ نے یہ شادیاں اُس زمانے میں کیں جب اسلام کے خلاف دشمنوں سے سخت جنگیں ہو رہی تھیں اور بہت سی عورتیں بیوہ ہونے لگیں تھیں ان بیوہ عورتوں کو آپ نے خود اور اپنے ساتھیوں میں نکاح کر کے بانٹ دیں۔ تا کہ بے راہ روی نہ ہو۔

(۴) حضرت حفصہؓ:

آپ نے بیوہ حضرت حفصہؓ سے مکہ میں 3 ہجری میں نکاح کیا یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بیوہ بیٹی تھیں۔

(۵) حضرت زینبؓ (اول):

یہ حضرت عبداللہ بن جحش کی بیوی تھی وہ جنگ اُحد میں بیوہ ہو گئیں تھی۔ حضور ﷺ نے ان سے 4 ہجری میں شادی کی مگر 8 ماہ بعد حضرت زینبؓ کی وفات ہو گئی۔

(۶) حضرت اُم سلمہؓ:

پہلے یہ ابوسلم کے عقد میں تھی اُن کا انتقال 4 ہجری میں ہو گیا۔ بیوہ اُم سلمہؓ سے حضور نے 4 ہجری میں ان سے نکاح کیا۔

(۷) حضرت زینبؓ (دوئم):

حضور ﷺ کی پھوپھی کی بیٹی تھیں۔ انکی شادی پہلے حضرت زیدؓ بن حارث سے ہوئی تھی۔ حضرت زیدؓ پہلے غلام تھے۔ بعد میں رسول اللہ ﷺ کے منہ بولے بیٹے تھے۔ حضرت زینبؓ کا حضرت زیدؓ سے نباہ نہ ہو سکا اور طلاق ہو گئی۔ عدّت پوری ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضور کو ان سے شادی کی اجازت دے دی۔ یہ واقعہ 5 ہجری میں پیش آیا (دیکھئے سورہ احزاب 33:37)

(۸) حضرت جویریہؓ:

حضرت جویریہؓ بنت حارث بنو المصطلق کے قیدیوں میں لائی گئیں تھیں۔ انکے شوہر جنگ مرسی میں فوت ہو گئے تھے۔ حضور ﷺ نے بیوہ حضرت جویریہؓ سے 5 ہجری میں شادی کی۔

(۹) حضرت ام حبیبہؓ:

یہ ابوسفیانؓ کی بیٹی تھیں۔ ان کا نکاح پہلے عبداللہ بن جحش سے ہوا تھا اور وہ انکے ساتھ ہجرت کر کے ابیسینیا گئی تھیں۔ لیکن وہاں جانے کے بعد انکے شوہر مرتد ہو کر عیسائی ہو گئے تھے اور وہیں انتقال کر گئے۔ لیکن اُم حبیبہؓ اپنے دین پر قائم رہیں۔ حضور ﷺ نے بیوہ حضرت اُم حبیبہ سے 7 ہجری میں نکاح کر لیا۔

(۱۰) حضرت صفیہؓ:

یہودی سردار کی بیٹی تھیں۔ ان کے شوہر جنگ خیبر میں مارے گئے تھے وہ قید کی گئی تھیں۔ حضور ﷺ نے بیوہ حضرت صفیہؓ سے 7 ہجری میں شادی کی۔

(۱۱) حضرت میمونہؓ:

ان کا تعلق بنو میلان قبیلے سے تھا۔ ذہنی نا ہم آہنگی کے باعث ان کی طلاق ہو گئی تھی جس کے بعد آپ ﷺ نے ان سے شادی کر لی تھی۔

(۱۲) حضرت ماریہ قبطیہ:

ان کو مصر کے عیسائی بادشاہ نے بطور تحفہ آپکو پیش کیا تھا۔ انکے بطن سے آپ ﷺ کے صاحب زادے حضرت ابراہیمؓ پیدا ہوئے تھے جو 2 سال بعد 10 ہجری میں مدینے میں انتقال کر گئے۔

عطر عود

ذہن میں توازن پیدا کرنے، ذہن کو پرسکون رکھنے کے لیے، خوف کو کم کرنے، جسم کو قوت دیتا ہے، نفسانی خواہش میں اضافہ، معدے کے لیے مفید، گرمی کے تیل کے ساتھ اس کا استعمال جلد کے لیے نہایت مفید ہے۔ جلدی بیماریوں، گردے اور جگر کے لیے مفید، استھما کے مریضوں کے لیے فائدہ مند ہے، خنداں کو بہتر بناتا ہے، جوڑوں کے درد میں مفید ہے، مختلف طرح کی الرجی میں مفید، کینسر کے مریضوں کے لیے شفاء، جلدی امراض کے لیے نہایت مفید، زخم بھرنے میں مفید، قے آنے کی صورت میں رونے کے لیے۔

نوٹ: یہ کل 12 بیویاں تھیں جو حضور کے نکاح میں آئی تھیں۔ ان میں سے دو بیویاں یعنی حضرت خدیجہؓ اور حضرت زینبؓ (اوّل) کی وفات حضور ﷺ کی زندگی میں ہی ہو گئی تھی۔ باقی 9 بیویاں حضور ﷺ کی وفات کے بعد بھی حیات رہیں۔

نوٹ: حضور ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہ سے شادی کر کے اپنے صحابی حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ سے رشتے قائم کئے۔ اسی طرح حضرت عثمانؓ سے پے در پے اپنی 2 صاحب زادیوں حضرت رقیہؓ اور پھر حضرت ام کلثومؓ کی شادی کر کے رشتے قائم کئے اور بعد میں حضرت علیؓ سے اپنی لخت جگر بیٹی فاطمہؓ کی شادی کر کے رشتہ قائم کیا۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ آپ ﷺ ان چاروں صحابیوں سے اپنے تعلقات پختہ کر لیں۔

نوٹ: حضرت زینبؓ (دوئم) کی شادی حضرت زیدؓ سے ہوئی تھی جو حضور ﷺ کے منہ بولے بیٹے تھے۔ حضرت زینبؓ (دوئم) سے اللہ کی اجازت سے شادی کرنا ایسی جاہلی رسم کو توڑنے کے لیے تھا جو معاشرہ میں صدیوں سے چلی آ رہی تھی۔ (دیکھئے سورۃ احزاب 33:37) آپ ﷺ نے اس رسم کو توڑنے کے لیے عملی نمونہ پیش کر دیا اور اس رسم کو مٹا دیا۔

نوٹ: آپ ﷺ نے دوسرے قبیلوں سے رشتے قائم کر کے آنے والی جنگوں اور دشمنیوں کو ختم کر دیا۔ یہ آپ کی حکمت عملی تھی۔

۱۱۱۔ حضور کی بیویاں اور نکاح کی مدت:

نمبر شمار	نام	نکاح	حالت	شادیوں کی مدت
(۱)	حضرت خدیجہؓ بنتِ خویلد	27 سال ہجرت سے پہلے	2 بار بیوہ	25 سال
(۲)	حضرت سودہؓ بنت زمعہ	3 سال ہجرت سے پہلے	بیوہ	13 سال
(۳)	حضرت عائشہؓ بنت حضرت ابوبکرؓ	ہجرت کے ایک سال بعد	دوشیزہ	9 سال
(۴)	حضرت حفصہؓ بنت عمرؓ	3 سال ہجرت کے بعد	بیوہ	7 سال
(۵)	حضرت زینبؓ بنت حجش (اول)	4 سال ہجرت کے بعد	بیوہ	6 ماہ
(۶)	حجرت اُمّہ سلمہؓ بنت ابواُمیہ	4 سال ہجرت کے بعد	بیوہ	6 سال
(۷)	حضرت زینبؓ بنت خزیمہ (دوئم)	4 سال ہجرت کے بعد	طلاق شدہ	6 سال
(۸)	حضرت جویریہؓ بنتِ حارث	5 سال ہجرت کے بعد	بیوہ	5 سال
(۹)	حضرت اُمّہ حبیبہؓ بنتِ ابو سفیانؓ	7 سال ہجرت کے بعد	بیوہ	3 سال
(۱۰)	حضرت صفیہؓ بن یحیٰی بن اخطب	7 سال ہجرت کے بعد	بیوہ	3 سال
(۱۱)	حضرت میمونہؓ بنتِ اَل حارث	7 سال ہجرت کے بعد	بیوہ	3 سال
(۱۲)	حضرت ماریہؓ قبطیہ	7 سال ہجرت کے بعد	دوشیزہ	3 سال

نوٹ:۔ (1) دو بیویاں نمبر 1 اور نمبر 5 حضور ﷺ کی زندگی میں ہی وفات پا گئیں باقی 9 بیویاں حضور ﷺ کی وفات کے بھی زندہ رہیں۔
(2) حضور ﷺ کی سب بیویاں اُمہات المومنین کہلاتی ہیں۔

علم نجوم کی روشنی میں

آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

عبدالحئی راٹھور

حمل

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1

خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 اگست

اپنی صحت کی طرف سے لاپرواہی اختیار نہ کریں ورنہ بیماری بھی لاحق ہوسکتی ہے۔ جائیداد یا مکان اگر کرایہ پر دیا ہوا ہے تو اس حوالے سے مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ جلد بازی اور ضد سے معاملات کو حل نہ کریں۔ اولاد کے معاملات کو بہتر انداز میں حل کرنے کا موقع ملے گا۔ آپ کا دھیان مذہب اور روحانیت کی طرف رہے گا اور آپ کو عبادت کرنے میں راحت محسوس ہوگی۔ لیکن یاد رکھیں صرف صلوۃ عبادت نہیں ہے۔ کسی کی مدد، صدقہ، خیرات بھی عبادت ہے۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول میں مصروف ہیں تو پھر آپ کو اپنے معاملات طے کرنے میں آسانی پیش آئے گی۔ اجنبی لوگوں سے ملنے میں احتیاط کریں، خاص طور پر بڑی عمر کے لوگوں سے۔ بہو کے ساتھ تعلقات خراب ہیں تو معاملات میں بہتری کے امکانات نظر نہیں آرہے، تحمل سے کام لیں۔

9 تا 16 اگست

انعامی بانڈ اور نمبر وغیرہ کھیلنے والے افراد کو اس عرصہ میں جیت کی خوشی ملنے کی توقع ہے۔ وہ افراد جو روزی کی تلاش میں ہیں یا موجودہ نوکری سے بہتر نوکری کے متلاشی ہیں ان کو چاہیے کہ ہمت مت ہاریں اور کوشش کرتے رہیں، اللہ کے فضل و کرم سے کامیابی ملنے کے امکانات ہیں۔ فضول اخراجات میں اضافہ کی وجہ سے مالی معاملات میں تنگی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ علاوہ ازیں بڑے بھائیوں سے مالی مدد کے یا کسی اور کام کے حل کے منتظر ہیں تو وہ کام ہونے کی کوئی توقع نہیں ہے۔ طالب علموں کا دھیان تعلیم کے ساتھ ساتھ دوسری سرگرمیوں کی طرف بھی رہے گا۔

17 تا 24 اگست

شراکتی کام کے آغاز کے لیے اچھا وقت ہے۔ آپ کی توجہ فنون لطیفہ کی طرف زیادہ رہے گی۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کی توجہ تعلیم کی

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:.....

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحمٰنُ یَا رَحِیمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنَ نَحُوسَۃِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوعِہٖ وَ وَبَالِہٖ وَ سُوْءِ نَظْرِہٖ بِحَقِّ یَا اللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمُ الرّٰاحِمِیْنَ۔

عددی جدول

ا، ی، ق، غ	۱
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	۲
ج، چ، ل، ش	۳
د، ڈ، م، ت، ٹ	۴
ھ، ن، ث	۵
و، س، خ	۶
ز، ژ، ع، ذ	۷
ح، ف، ض	۸
ط، ص، ظ	۹

مثال

اکبر ۱ ک ب ر

۱ ۲ ۲ ۲ =۷

طرف کم رہے گی۔ صحت بہتر رہے گی اور خوراک کی طرف توجہ زیادہ دیں گے۔ بغیر سوچے سمجھے گفتگو کرنا آپ کو مہنگا پڑ سکتا ہے۔ بہتر یہی ہے کہ صبر و تحمل سے کام لیں۔ اکثر اوقات خیالوں میں گم رہیں گے اور خیالی پلاؤ پکاتے رہیں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوں گی۔ رشتے اور منگنی کے حوالے سے بہتر وقت ہے۔ وراثتی معاملات کے حل کی کوئی شکل نہ نکل سکے گی۔ الیکٹرونکس کی اشیاء کی خریداری اور مرمت کروائیں گے۔

25 تا 31 اگست

تحریری اور تقریری صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ قانونی اور عدالتی مسائل کے حل کے لیے اچھا وقت ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں پریشانی کا سامنا رہے گا۔ اسی دوران آپ جلد بازی میں کوئی ایسا فیصلہ لیتے نظر آ رہے ہیں جس پر بعد میں آپ کو افسوس ہوگا۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔ لمبے سفر سے گریز کریں، حادثہ کا خدشہ ہے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے میل جول رہے گا۔ اولاد کی طرف توجہ دیں گے۔ صحت کے حوالے سے لاپرواہی، بیماری میں طوالت کا سبب بنے گی۔ قرض دی ہوئی رقم یا اشیاء واپس ملنے کی توقع کی جا سکتی ہے۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔

سعد تاریخیں	7-11-19-20-24-25
نحس تاریخیں	15-22
لکی نمبر	2-3-5

عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و

خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8 اگست

دشمنوں / مخالفوں سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ آپ کے خلاف سازش کرتے نظر آ رہے ہیں۔ اخراجات کی رفتار آمدن کی رفتار سے زیادہ ہوگی اور بہت سے اخراجات بلاسوچے سمجھے ہوں گے۔ آپ کے اخراجات بڑھنے میں آپ کا ہاتھ کم اور دوسروں کا زیادہ ہوگا۔ بے روزگار افراد کے لیے خوشخبری ہوگی۔ کسی کے توسط سے کامیابی مل سکتی ہے جو کہ آپ کے مالی معاملات کو بہتر بنائے۔ لوگوں کے سخت رویے کا سامنا کرنا پڑے گا اور تعلقات نبھانا اتنا آسان نہ رہے گا۔ آسان ذرائع سے آمدنی کا حصول ممکن ہے۔ ذہنی پریشانیوں میں کمی آئے گی اور ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کی صحت بھی ٹھیک رہے گی۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ پرہیز نہ کریں۔

9 تا 16 اگست

اولاد کی اخلاقی لحاظ سے تربیت کریں گے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ علاوہ ازیں اگر تعلیمی حوالے سے کوئی پریشانی ہے تو وہ بھی خاطر خواہ طریقے سے حل ہو جائے گی۔ مقروض شخص اگر معین وقت پر ادا بھی کیا تو بھی رواں دنوں میں رقم یا دی ہوئی اشیاء کی واپسی نظر نہیں آتی۔ لوگوں سے امیدیں لگانے کی بجائے کام کو خود مکمل کرنے کی کوشش کریں، کیونکہ دوسروں سے وابستہ اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات کم ہیں، لہٰذا خود عملی میدان میں رہیں۔ کاروبار سے منسلک افراد کو چاہیے کہ ان دنوں میں کام کے حوالے سے کوئی بھی ڈیل نہ کریں، بلکہ کوشش یہی کریں کہ اُسے مزید کچھ دنوں کے لیے ملتوی کر دیں۔

17 تا 24 اگست

انعامی سکیمیں، بانڈ، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے بھی فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل ہونے کی توقع ہے۔ اپنی ذات اور خوبصورتی کی طرف توجہ دیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں کسی پریشانی کا سامنا ہے تو اب دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ خفیہ دشمنوں کی وجہ سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ قرضہ ملنے کے امکانات نہیں ہیں۔ گمشدہ اشیاء واپس ملنے کے امکانات ہیں۔ اولاد کے معاملات توجہ طلب رہیں گے۔ داماد کے ساتھ معاملات میں خرابی آئے گی۔ شریک کار سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوں گی۔

25 تا 31 اگست

ساس کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ گھر کی تزئین و آرائش پر توجہ دیں گے۔ مالی معاملات کو لے کر پریشان رہیں گے نیز شریک حیات آپ کے اخراجات میں اضافہ کا باعث ہوگا/گی۔ قیمتی اشیاء کی خریداری کے دوران محتاط رہیں۔ آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کی جائے گی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان میں کامیابی کی توقع کی جا سکتی ہے۔ قرضہ ملنے کی توقع نہیں ہے۔ شادی بیاہ میں شرکت کرتے ہیں یا چلتے پھرتے لوگوں کے ساتھ منہ ماری ہوگی۔ مذہبی کاموں کی طرف رجحان رہے گا۔ بیرون ملک سفر اور لوگوں سے وابستہ کام میں کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ اپنی ذات پر خاص توجہ دیں گے۔ سواری یا کرایہ پر مکان کی تلاش میں ہیں تو کام بنتا نظر آ رہا ہے۔

سعد تاریخیں	4-9-13-31
نحس تاریخیں	16-24-25
لکی نمبر	4-6-9

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 اگست

آپ کے ذہن میں جو منفی خیالات کی بھرمار تھی اب آپ کی سوچ میں مثبت تبدیلیاں آنا شروع ہوں گی۔ جن کاموں کی طرف آپ کا عملی رجحان نہیں تھا اب آپ ان کاموں کو مکمل کرنے کے بارے میں سوچنا شروع کریں گے۔ گھریلو معاملات خوشگوار رہیں گے۔ آپ اپنا وقت گھر کے لوگوں کے ساتھ گزاریں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات کی نوعیت میں کچھ نشیب و فراز دیکھنے کو مل سکتے ہیں، اس لیے احتیاط برتیں۔ لوگوں سے وابستہ اُمیدیں پوری نہ ہوں گی۔ اس لیے بہتر یہی ہے کہ ان کی فضول خوشامد کر کے اپنے اخراجات میں اضافہ نہ کریں۔ آسان ذرائع سے آمدن حاصل کرنے کی خواہش رواں دنوں میں پوری ہو جائے گی۔

9 تا 16 اگست

آپ کا مزاج نرم رہے گا۔ علاوہ ازیں ذہنی سکون بھی میسر رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرنے کے حوالے سے بہترین وقت ہے۔ شریک کار کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ عرصہ ذرا مشکل ثابت ہوگا۔ تجارت کے سلسلے میں بیرون ملک سفر کرنے کے حوالے سے مفید وقت نہیں ہے۔ آپ کا اپنے آبائی گھر/شہر جانا ہوگا۔ مائع اشیاء مثلاً پانی، مشروبات وغیرہ کا استعمال زیادہ کریں گے۔ طاقت اور اختیار رکھنے والے لوگ آپ کے اکثر کاموں میں رکاوٹ ڈالیں گے۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے داخلی ٹیسٹ وغیرہ میں کامیابی ملنے کی توقع کم ہے۔

17 تا 24 اگست

چھوٹی موٹی بیماری کا شکار ہو سکتے ہیں۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ بیرون ملک سفر سے درپیش مسائل کافی حد تک حل ہو جائیں گے۔ معاملات عشق و محبت کی طرف رجحان رہے گا۔ لوگوں کے ساتھ اندازِ گفتگو میں بہتری آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ مکمل طور پر حل نہ ہو سکیں گے۔ مخالفین سے محتاط رہیں، آپ کے خلاف سازش کر رہے ہیں۔ والد/سُسر سے وابستہ توقعات پوری نہ ہو سکیں گی۔

25 تا 31 اگست

اولاد کی طرف توجہ دیں گے۔ شادی بیاہ اور فنکشن میں شرکت کریں گے۔ وہ افراد جو نوکری کے ساتھ ساتھ اپنی تعلیم کو بھی جاری رکھنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں ان کو چاہیے کہ ہاتھ بڑھائیں، اللہ کے فضل و کرم سے آپ کو کامیابی ملے گی۔ موبائل یا سواری خریدنے کے لیے موثر وقت نہیں، اگر خریدتے ہیں تو بعد میں آپ کو اپنے کیے پر پچھتاوا ہوگا۔ سفر ممکن ہے، یہ سفر نوکری کے سلسلے میں دفتر کے کام کے سلسلے میں ممکن ہے۔ کاروباری افراد کے لیے کام کے سلسلے میں سفر کرنا نقصان دہ ہے۔ قرضہ لینے کے لیے کی گئی کوششیں رنگ لاتی نظر آ رہی ہیں۔

سعد تاریخیں	7-11-15-24-25
نحس تاریخیں	19-20-27
لکی نمبر	2-3-9

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ھ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8 اگست

خاندان کے بڑے افراد سے فائدہ مل سکتا ہے۔ ذاتی پراپرٹی، جائیداد سے متعلقہ اُمور کو حل کیا جا سکتا ہے، چونکہ اب حالات آپ کے حق میں ہیں۔ داماد کے ساتھ تعلقات میں خرابی واقع ہوئی تھی تو یہ وقت ایسا ہے کہ آپ معاملات کو نارمل کر سکتے ہیں۔ اندازِ گفتگو کی وجہ سے بہت سے لوگ آپ سے متاثر ہوں گے۔ اگر کسی جگہ پر سرمایہ کاری کرنے کا پلان بنا رہے ہیں تو یہ دن اتنے بہتر نہیں۔ آپ کو کچھ وقتی نقصانات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ اس لیے اچھی طرح سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں یا مزید مشورے کے لیے آپ ہمارے ادارے سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ شادی بیاہ اور موسیقی کی تقریبات میں شرکت کرنا آپ پسند نہ کریں گے۔ بینکوں سے وابستہ معاملات آسانی سے حل ہو جائیں گے۔

9 تا 16 اگست

مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ اخراجات میں بھی کمی آئے گی۔ برے خواب یا خیالات آتے ہیں تو وہ بھی آنا ختم ہو جائیں گے۔ اولاد کو آپ کے بہن بھائیوں کی طرف سے مدد ملتی نظر آ رہی ہے، اس کے علاوہ تعلیمی حوالے سے راہنمائی بھی ملے گی۔ قانونی معاملات سے دور رہنے کی کوشش کریں، ورنہ مسئلہ سنگین شکل اختیار کر سکتا ہے۔ صحت کی طرف سے بھی احتیاط برتنے کی ضرورت ہے۔ دوستوں، عزیزوں اور جاننے والے لوگوں کے ساتھ بات چیت زیادہ ہوگی۔ یہ بات چیت ٹیلی فون یا خط کے ذریعے بھی ہو سکتی ہے۔

17 تا 24 اگست

اندرون ملک سفر کے لیے جانا ہوگا۔ یہ سفر خاندانی مسائل کے حل کے سلسلے میں بھی ہوسکتا ہے۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علم تعلیم کی طرف خاص توجہ دیں گے اور امتحانات میں کارکردگی بھی بہتر ہوگی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کاموں میں چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا ہوگا، لیکن کوشش سے مسائل حل ہو جائیں گے۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ سامان کا دھیان رکھیں، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کا فیصلہ اگر ہوتا ہے تو وہ پوری طرح آپ کے حق میں نہ ہوگا۔ ذہنی اور گفتگو کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ بہو/داماد کے ساتھ معاملات میں بہتری آئے گی۔ خریداری کرنے کے لیے جائیں گے۔

25 تا 31 اگست

قانونی معاملات اور مقدمات کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ کاروباری افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ شریک حیات کے ساتھ معاملات میں بہتری لانے کے لیے اچھا وقت ہے۔ حصول محبت کے لیے کوشش کرتے نظر آ رہے ہیں۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی تعلیم کی طرف وہ توجہ نظر نہیں آ رہی جس کی ان کو ضرورت ہے۔ سیر و تفریح کے لیے جانا ہوگا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، جوا وغیرہ کھیلنا مالی فائدہ کا باعث بنے گا۔ آپ کے اخراجات ایسی جگہوں پر ہوں گے جس کی آپ کو توقع بھی نہ ہوگی۔ وراثتی اُمور کو مل بیٹھ کر حل کرنے کی کوشش کریں تو زیادہ بہتر ہے۔ اس کے نتائج بھی آپ کی اُمید کے مطابق ہوں گے۔

سعد تاریخیں	4-9-13-31
نحس تاریخیں	2-3-15-22-29-30
لکی نمبر	0-1-4

ویب سائٹ
khalidrathore.com



عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا 8 اگست

گھریلو حالات میں کشیدگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس لیے روزمرہ اُمور کو انجام دیتے وقت خاص طور پر احتیاط کریں۔ آپ کی توجہ کا مرکز سیر و تفریح ہوگی اور زیادہ وقت دوستوں کے ساتھ گزرے گا۔ تجارتی معاہدہ اور دوسروں سے رقم کے حصول کے لیے یہ بہتر وقت نہیں ہے۔ یہ تاریخیں ذرائع آمدن میں اضافہ کریں گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری سے فائدہ مل سکتا ہے۔ دوران سفر کوئی مسئلہ درپیش آ سکتا ہے۔ اس لیے ڈرائیونگ کرتے وقت احتیاط برتیں۔ وہ افراد جو ملازمت کے متلاشی ہیں۔ ان کا سلسلہ روزگار بننے کے قوی امکانات ہیں۔ کسی کی مدد سے آپ کو کسی اچھی جگہ ملازمت مل سکتی ہے۔ حکومتی افسران سے تعلقات کی نوعیت بہتر رہے گی اور کام بھی آسانی سے حل ہو جائیں گے۔

9 تا 16 اگست

داماد / بہو کے ساتھ معاملات میں بہتری رہے گی نیز ان سے ملنا جلنا بھی ہوگا۔ پیسے کمانے کے مختلف طریقے آپ کے ذہن میں آئیں گے۔ علاوہ ازیں آپ کے مالی حالات بھی خوشگوار رہیں گے۔ آسان ذرائع سے آمدن حاصل کرنے والے افراد کو فائدہ ہوگا۔ لیکن لالچ کی وجہ سے نقصان کا اندیشہ بھی ہے۔ شریک حیات کی ہر چھوٹی چھوٹی بات پر نقطہ چینی نہ کریں اس کی وجہ سے تعلقات میں خرابی آئے گی۔ قرض دی ہوئی رقم واپس ملنے کی اُمید کرنا فضول ہے۔ بینکوں سے وابستہ معاملات آسانی سے حل ہو جائیں گے۔ نیز اکاونٹ کھلوانے کے لیے بھی اچھا وقت ہے۔ دفتری کام کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا پڑ سکتا ہے۔

17 تا 24 اگست

قرضہ ملنا مشکل ہے۔ بہتر یہی ہے کہ اخراجات پر قابو پانے کی کوشش کریں۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ ملنا جلنا رہے گا۔ چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آتی ہیں۔ خط و کتابت کی طرف رجحان زیادہ رہے گا۔ شراکتی بنیادوں پر کام کرنا فائدہ مند رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو کوشش کریں سفر ممکن ہے اور آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ حکام اعلیٰ سے وابستہ کام حل ہو جائے گا۔ آپ کے اختیارات میں بھی اضافہ ہوگا۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ گھر کی تزئین و آرائش میں دلچسپی لیں گے۔ کاروباری افراد کے کام میں تیزی رہے گی۔

25 تا 31 اگست

تقریبات اور محفلوں میں بدکلامی ہونے کا خدشہ ہے۔ عمرہ کی ادائیگی کے لیے جانا ہوگا۔ علوم مخفی میں دلچسپی لیں گے اور اس سلسلے میں کتابوں کا مطالعہ بھی کریں گے۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ اپنی کوششوں کو مزید تیز کر دیں، انشاء اللہ آپ کو کامیابی ملے گی۔ پرانی بیماری دوبارہ اثر انداز ہوتی نظر آ رہی ہے۔ اس لیے بہتر یہی ہے کہ ڈاکٹر سے رجوع کے ساتھ ساتھ روحانی حل بھی کروائیں۔ گھومنے پھرنے سے زیادہ گھر میں رہنا پسند کریں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کی یہ اُمید پوری نہ ہو سکے۔ اخراجات پر قابو پانے میں کامیاب رہیں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ وغیرہ سے مالی فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ کاروباری

افراد کے کام میں اضافہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	2-3-7-11-19-20-29-30
نحس تاریخیں	16-24-25
لکی نمبر	0-1-7

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8 اگست

آپ کو مذہبی فرائض کی ادائیگی کے لیے ایک سے دوسری جگہ جانے کا موقع مل سکتا ہے۔ ادویات کے استعمال میں بالکل بھی بے احتیاطی نہ برتیں، ورنہ مرض زور پکڑ سکتا ہے اور بہتر یہی ہے کہ طبعی علاج کے ساتھ ساتھ روحانی علاج بھی کروائیں۔ (روحانی علاج کے سلسلے میں آپ ہمارے ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں)۔ آپ کے فضول اخراجات میں خاطر خواہ کمی آئے گی۔ ساتھ ہی ساتھ گھریلو حالات میں بہتری آئے گی۔ وراثتی معاملات شدت اختیار کریں گے۔ لیکن آپ کوشش یہ کریں کہ معاملات کو ٹھنڈا کریں نہ کہ حل، کیونکہ اگر فیصلہ ہوا بھی تو آپ کے لیے بہتر نہ ہوگا۔

9 تا 16 اگست

کاروبار کے آغاز اور موجودہ کام میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے اچھا وقت ہے۔ ذہنی سکون بھی میسر آئے گا۔ ساس اور شریک حیات کے ساتھ ناراضگی پیدا ہوتی نظر آ رہی ہے۔ اولاد کے ساتھ گھومنے پھرنے کے لیے جائیں گے۔ غیر ضروری اخراجات میں خاطر خواہ کمی آنے کی توقع ہے۔ قانونی نوعیت کے معاملات کو حل کروانے کی کوشش جاری رکھیں، رواں عرصہ میں بہتر نتائج آئیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں کسی قسم کی پریشانی آتی ہے تو ان کو چاہیے کہ افسران سے مشورہ اور مدد مانگیں، مسئلہ آسانی سے حل ہو جائے گا۔ گھر کرایہ پر چڑھانے کے لیے مناسب وقت نہیں ہے۔

17 تا 24 اگست

علوم مخفی میں دلچسپی بڑھے گی اور مختلف کتابوں کا مطالعہ کریں گے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہو سکیں گی۔ حکومتی عہدیداروں یا قانونی نوعیت کے کوئی مسائل درپیش ہیں تو کوشش کرنے سے وہ حل ہو جائیں گے۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ پوری طرح تعلیم کی طرف نہ رہے گی۔ اُمیدوں اور خواہشات کی تکمیل کے کافی امکانات ہیں۔ بڑے بزرگوں کے ساتھ معاملات میں خرابی آ سکتی ہے۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ قرض دی رقم واپس نہ ملے گی۔ اندرون ملک سفر کے لیے اچھا وقت ہے۔ انعامی نمبرز اور بانڈ وغیرہ سے فائدہ ہوگا۔ گفتگو کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

25 تا 31 اگست

ایسے قدم اُٹھاتے نظر آ رہے ہیں جو آپ کے ساتھ ساتھ دوسروں کے لیے بھی پریشانی کا باعث بنیں گے۔ خاندان کے لوگوں کے ساتھ بحث و تکرار ہوگی۔ وہ افراد جنہوں نے نوکری کے لیے اپلائی کیا ہوا ہے ان کو بیرون ملک یا بیرون شہر (کسی دوسرے شہر سے) ملازمت کے سلسلے میں دعوت ملے گی۔ کرائے پر مکان کی تلاش میں ہیں تو حسب خواہش مکان ملنے کی توقع نہیں ہے۔ چیزوں میں تبدیلی پسند کریں گے۔ تخلیقی سوچ کے حامل ہوں گے۔ نکاح، منگنی کرتے ہیں تو یہ رشتہ زیادہ دیر تک قائم نہ رہ سکے گا۔ انعامی سکیمیں، پرچی وغیرہ کھیلتے ہیں تو کامیابی کی توقع کی جا سکتی ہے۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ محفلوں اور دعوتوں میں جانا ہوگا۔

سعد تاریخیں	4-9-13-31
نحس تاریخیں	19-20-27
لکی نمبر	2-5-7

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 اگست

یہ دن آپ کے لیے ملے جلے اثرات مرتب کریں گے، لہٰذا آپ کے لیے مشورہ یہی ہے کہ کسی نئے کام یا کاروبار کی شروعات کے حوالے سے ابھی فیصلہ نہ کریں، کیونکہ فیصلہ زیادہ مناسب نہ ہوگا۔ مالی حالات بھی کشیدہ رہیں گے۔ زیادہ گفتگو سے گریز کریں، کیونکہ آپ کی طرف سے بدکلامی دیکھنے کو ملے گی۔ جس کی وجہ سے معاملات مزید خراب ہو سکتے ہیں۔ دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے کے لیے جانا ہوگا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں اپنے بہن بھائیوں یا یار دوستوں سے رابطہ کریں، آپ کو مدد ضرور ملے گی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات کشیدہ رہیں گے۔ آپ مذہبی کاموں کی طرف زیادہ توجہ دیں گے اور آپ کو عبادت سے جسمانی اور ذہنی سکون میسر آئے گا۔

9 تا 16 اگست

پسند کی شادی کی خواہش رواں دنوں میں پوری ہونے کے امکانات نہیں ہیں۔ آسان ذرائع سے آمدن کی خواہش پوری ہوتی نظر نہیں آ رہی۔ اخراجات میں کمی واقع ہو گی۔ تعلیم کے سلسلے میں بیرون ملک اپلائی کرتے ہیں تو آپ کو کامیابی ملنے کے واضح امکانات ہیں۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں خرچ کریں گے۔ ملازمین پر زیادہ اعتبار نہ کریں ورنہ پریشانی اٹھانی پڑے گی۔ اُمیدیں اور خواہشات پوری ہو جائیں گی۔ صحت کے حوالے سے لاپرواہی برتتے نظر آ رہے ہیں۔ اُستادوں سے کافی کچھ نیا سیکھنے کو ملے گا۔ قرض کی ادائیگی کرنے کی توقع ہے۔

17 تا 24 اگست

اندرون ملک سفر کے لیے موزوں وقت نہیں۔ ملازمت سے وابستہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ صحت بہتر رہے گی اور اچھی اشیاء کھانے کو ملیں گی۔ کپڑوں اور موبائل وغیرہ کی خریداری کے لیے جائیں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا لیکن اگر آپ کوشش کریں تو یہ پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ معاملات عشق و محبت میں دلچسپی لیں گے اور محبوب کے اوپر اخراجات بھی کریں گے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ڈیل کے بغیر حل نہ ہو سکیں گے۔ شراکتی کاموں کو سرانجام دیتے ہوئے محتاط رویہ اختیار کریں، ورنہ آپ مشکلات میں پھنس سکتے ہیں۔ عمرہ وغیرہ کے لیے کی گئی کوششوں کے بہتر نتائج رونما ہوں گے۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے بیرون ملک اپلائی کرنے کے لیے اچھا وقت ہے۔

25 تا 31 اگست

بیماری کی صورت میں لاپرواہی مزید پریشانی کا باعث بنے گی۔ سفر کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ اولاد اور شریک حیات کے ساتھ اپنا وقت گزارنا پسند کریں گے۔ اولاد جوان ہے تو ان کے ساتھ بیٹھ کر دنیاوی اور دینی حوالوں سے بات چیت ہو گی۔ کاروباری افراد کے پاس بھی موقع ہے کہ وہ محنت کر کے اچھا فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ ذہنی پریشانی کا شکار ہیں تو وہ دور ہو جائے گی۔ حکومتی افسران سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو کوشش کرنے سے وہ حل ہونے کی اُمید کی جا سکتی ہے۔ پرانے ملنے والوں اور یار دوستوں سے ملاقات ہو گی۔ اُمیدوں اور خواہشات کی تکمیل ممکن ہے۔ قانونی اور عدالتی معاملات کا فیصلہ آپ کے حق میں ہونے کی توقع نہیں ہے۔

سعد تاریخیں	2-3-7-11-19-20-29-30
نحس تاریخیں	16-24-25
لکی نمبر	2-7-9

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 اگست

ذاتی طور پر اپنے آپ کو کمزور محسوس کریں گے اور جانے انجانے گھر اور خاندانی مسائل میں اضافہ ہو گا۔ ان مسائل کا زیادہ تر تعلق گھر اور خاندانی اُمور سے ہو گا۔ غیر شادی شدہ لوگوں کی شادی کرنے کی خواہش اس عرصہ میں زور پکڑ جائے گی اور اس بات کا امکان ہے کہ رشتہ کی بات چل نکلے۔ آپ کو مالی معاملات کے حوالے سے اچھی خبر ملے گی، ہو سکتا ہے کہ کسی جگہ سے آپ کو رقم واپس مل جائے جس کے امکانات پہلے بہت کم تھے۔ لوگوں سے وابستہ اُمیدیں پوری ہوں گی۔ بہن بھائی آپ کے لیے مالی فائدے کا باعث بھی بن سکتے ہیں۔ ماضی کا کوئی دوست آپ کو خوشخبری دے گا۔ لڑائی مول نہ لیں آپ کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام اور افسران کی طرف سے سختی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

9 تا 16 اگست

کپڑوں کی خریداری کے لیے جائیں گے۔ انشورنس کے اُمور کو سرانجام دینے کے لیے موزوں وقت ہے۔ وراثتی مکان یا جائیداد کا مسئلہ زیر بحث آئے گا اور اس حوالے سے جو بھی نتائج آئیں گے وہ آپ کے حق میں بہتر ہوں گے۔ کاروباری افراد کو محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی کا اندیشہ ہے۔ گفتگو سوچ سمجھ اور جگہ دیکھ کر کریں، ورنہ آپ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ یار دوستوں اور بہن بھائیوں سے ملنے کے لیے جائیں گے۔ خواہشات کو عملی شکل دینے کے لیے بہترین وقت ہے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ وغیرہ کھیلنے سے کوئی خاص فائدہ نہ ہو گا۔

17 تا 24 اگست

بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ رشتے کی بات چل نکلنے کے امکانات ہیں۔ عزت اور شہرت مستحکم رہے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اُمید کے مطابق فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ غیر ضروری اخراجات پر کافی حد تک قابو پا لیں گے۔ جائے پیدائش سے دور جانے کی لیے کی گئی کوشش رنگ لاتی نظر نہیں آ رہی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا۔ ملازمت سے وابستہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ اگر کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو صحت میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ خریداری کے لیے جائیں گے۔ اُدھار پر رقم یا کوئی چیز دے رکھی ہے تو وہ مل جائے گی، واپس ضرور مانگیں۔ ننھیالی رشتے

داروں سے وابستہ کام حل نہ ہوسکیں گے۔

25 تا 31 اگست

لوگوں سے وابستہ کام اور توقعات آسانی سے پوری ہو جائیں گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ملنے کی کوئی توقع نظر نہیں آتی۔ تجارت کے سلسلے میں یا کسی اور کام کے سلسلے میں سفر کرتے ہیں تو کامیابی ملنے کی کافی اُمید ہے۔ صحت خراب ہے تو فوراً علاج کروائیں ورنہ بیماری طوالت اختیار کرسکتی ہے۔ بہو کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ طالب علم اپنا زیادہ وقت کتابوں کے ساتھ گزاریں گے۔ شادی بیاہ کی تقریبات میں جانے سے گریز کریں آپ کے لیے پریشان کن ثابت ہوگا۔ مخالف آپ کو پریشان کرنے کی کوشش کریں گے۔ مالی مشکلات اور تنگی کا سامنا رہے گا۔ یار دوستوں کے ساتھ ناراضگی پیدا ہو گی۔ سواری خریدنے کے خواہش مند افراد کی تمنا پوری ہونے کے امکانات ہیں۔

سعد تاریخیں	4-9-13-31
نحس تاریخیں	19-20-27
لکی نمبر	5-7-9

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 اگست

اگر آپ ملازمت کے متلاشی ہیں تو ان دنوں میں آپ کو کوشش کرنی چاہیے۔ ملازمت ملنے کے امکانات روشن ہیں۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو عملی اقدامات کریں۔ آپ کو اچھے نتائج ملیں گے لوگوں سے وابستہ اُمیدیں پوری ہونا شروع ہوں گی۔ مذہبی محفلوں میں جائیں گے۔ اپنے اردگرد اور خفیہ دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ آپ کے بینک بیلنس میں اضافہ ہوگا۔ کسی کو اُدھار دی ہوئی رقم واپس مل سکتی ہے۔ قانون، کچہری اور گورنمنٹ سے متعلقہ اُمور میں خاص دیکھ بھال کر چلنا پڑے گا۔ اس لیے کوئی ایسا کام نہ کریں جس کا نتیجہ دیر بعد نکلے۔

9 تا 16 اگست

عبادات کی طرف رجحان زیادہ رہے گا نیز اس بارے میں شریک حیات کو بھی ہدایت دیں گے۔ لوگوں کی نظر میں عزت و مقام اونچا رہے گا۔ چھوٹے بہن بھائیوں سے منقطع رہیں گے۔ گھر کی تزئین و آرائش کے بارے میں سوچیں گے لیکن اس حوالے سے کوئی حتمی فیصلہ نہ کر پائیں گے۔ اندرون ملک سفر کے دوران اشیاء گم یا چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ علوم مخفی کی طرف رجحان رہے گا۔ اس بارے میں مزید راہنمائی حاصل کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے۔ (ہمارے ادارے کی کتب اور کورسز سے آپ مستفید ہو سکتے ہیں)۔ طالب علموں کو چاہیے کہ موبائل اور کمپیوٹر کے بے جا استعمال کی بجائے تعلیم کی طرف توجہ دیں۔

17 تا 24 اگست

کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آرہی ہے۔ زیورات اور دوسری قیمتی اشیاء کی خریداری کرنے کے لیے جائیں گے۔ خفیہ دشمنوں کی وجہ سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ گمشدہ اشیاء واپس ملنے کی توقع ہے۔ معاملات عشق و محبت سے دور رہیں، بدنامی کا باعث بنیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بھرپور رہے گی۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ بہن بھائیوں سے وابستہ کام پورے ہونے کے امکانات ہیں۔ اولاد کے معاملات پر کوئی خاص توجہ نہ دیں گے۔

25 تا 31 اگست

اعلیٰ حکام سے وابستہ کام حل نہ ہوسکیں گے۔ یہ لوگ آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، ریس وغیرہ کھیلنے والے افراد کو بھی خوشخبری سننے کو ملے گی۔ علوم مخفی میں آپ کی دلچسپی حد درجہ تک رہے گی۔ عمرہ کے لیے بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ممکن ہے۔ صحت بہتر رہے گی۔ جان پہچان والوں سے ملنا ملانا ہوگا۔ گھریلو معاملات بھی مسائل کا شکار رہیں گے۔ کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے محتاط رویہ اختیار کرنا ہوگا۔ داماد کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ اپنی ذات اور لباس پر توجہ دیں۔ موقع کی مناسبت سے اپنے رویے اور ذات میں تبدیلی لائیں۔ نچلے درجے کے ملازمین آپ کے لیے کافی مفید ثابت ہوں گے۔

سعد تاریخیں	7-11-19-20-24-25
نحس تاریخیں	2-3-22-29-30
لکی نمبر	0-2-6

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 اگست

ان تاریخوں میں کسی بھی نئی جگہ پر انوسٹمنٹ اور مالی معاملات کو طے کرنے سے پہلے اچھی طرح جانچ پڑتال کر لیں، آپ کے خلاف سازش کی جا رہی ہے، اس لیے روپے پیسے کے معاملے میں رسک نہ لیں۔ سیر و تفریح کے مقامات پر جانے کا موقع مل سکتا ہے۔ حلقہ احباب میں وسعت ہو گی۔ آپ کو دوستوں سے فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ یہ عرصہ آپ کی گھریلو زندگی میں اُتار چڑھاؤ لے کر آئے گا اور گھریلو تنازعات کھل کر سامنے آئیں گے۔ ازدواجی معاملات خاص طور پر زیر بحث آ سکتے ہیں۔ کاروبار کے حوالے سے یا کسی بھی قسم کے کام کے حوالے سے تحریری معاہدہ کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو رواں عرصہ آپ کے لیے اس کام کے حوالے سے بہتر نہیں ہے اس لیے کوشش کریں کہ کوئی بھی تحریری معاہدہ نہ کریں، جس کی وجہ سے آپ کو بعد میں پریشان ہونا پڑے۔

9 تا 16 اگست

مالی معاملات میں آپ کو تھوڑی بہت تنگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ صحت کے حوالے سے پریشانی کی کوئی بات نہیں۔ آپ تندرست ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ وراثتی مکان یا جائیداد کا مسئلہ رواں دنوں میں زیر بحث آتا ہے تو اس کا کافی حد تک فیصلہ آپ کی اُمید کے مطابق ہو گا۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ اپنی کوششوں کو اور تیز کر دیں، انشاء اللہ آپ کو ملازمت مل جائے گی۔ اندرون ملک سفر کے دوران احتیاط برتیں، سامان گم ہونے کا زیادہ اندیشہ ہے۔ عبادتوں کی طرف رجحان رہے گا۔ مذہبی کتابوں میں بھی دلچسپی دیں گے۔ ماں کے بہن بھائیوں سے ملاقات ہو گی۔ سوتے میں برے خواب آئیں گے۔

17 تا 24 اگست

کرائے کی سواری یا مکان پر آمدن سے زیادہ اخراجات ہوں گے۔ علوم مخفی میں دلچسپی بڑھے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو کوشش کریں کامیابی ملتی نظر آتی ہے۔ مال رفاہی کاموں میں خرچ کریں گے۔ بانڈ نمبر وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام حاصل کر سکتے ہیں۔ نمبروں کے لیے آپ ہمارے ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ کمپیوٹر اور خط و کتابت پر اپنا وقت صرف کریں گے۔ ملازمین پر اعتبار کرنا نقصان کا باعث بنے گا۔ بُرے خواب آئیں گے۔ دوستوں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہو سکیں گی۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔

25 تا 31 اگست

قانونی معاملات اور مقدمات کے فیصلے آپ کے حق میں ہونے کی توقع نہیں ہے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو مالی فائدہ حاصل ہو گا۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ سفر کرنے کے لیے موثر وقت نہیں ہے۔ دوران سفر آپ کا سامان چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ صحت میں خرابی آئے گی۔ چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف توجہ دیں گے۔ غیر ضروری اخراجات پر قابو نہ پا سکیں گے۔ ضرورت کے وقت اپنے بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے مدد ضرور لیں۔ صدقہ خیرات دیں۔ بُرے خواب اور خیالات آئیں گے اور ان میں سے چند ایک حقیقت کی شکل بھی اختیار کر جائیں گے۔

سعد تاریخیں	9-13
نحس تاریخیں	16-24-25
لکی نمبر	1-4-9

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8 اگست

یہ تاریخیں آپ کو ذہنی طور پر منتشر کریں گی۔ جذباتی فیصلے کرنے سے پرہیز کریں۔ گھریلو امور کے حوالے سے جو معاملات طے نہیں ہو پا رہے تھے اب اُن کے حل ہونے کا وقت آ گیا ہے۔ اور ان کے نتائج بھی بہتر آئیں گے۔ لوگوں سے وابستہ اُمیدیں پوری ہونا شروع ہوں گی۔ ایک سے دوسری جگہ سفر کرنا مناسب نہ رہے گا۔ دوستوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ملازمین کی وجہ سے نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس لیے ان پر ضرورت سے زیادہ اعتبار نہ کریں۔ تعلیم اور امتحانات کے حوالے سے بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور آپس میں محبت بڑھے گی اور سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔

9 تا 16 اگست

منگنی، نکاح کرنے کے لیے سعد وقت ہے۔ انعامی بانڈ، گھڑ سواری کے شوقین کے پاس وقت ہے کہ جب وہ ان کاموں سے مالی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کی توجہ شریک حیات کی طرف زیادہ رہے گی۔ نیز شریک کار کا حکم بھی زیادہ مانیں گے/گی۔ اخلاقیات کے دائرہ سے باہر نکل کر گفتگو کریں گے۔ بیماری کا شکار ہیں تو صحت یاب ہو جائیں گے۔ اُمیدوں کو پورا کرنے کی کوششوں کا کوئی نتیجہ نہ نکل سکے گا۔ رشتے داروں کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ میٹرک اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کا تعلیم کی طرف دھیان کم رہے گا۔

17 تا 24 اگست

شریک حیات اور اولاد کے ساتھ سفر کریں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔ کاروباری افراد کو چاہیے کہ کام کے حوالے سے فیصلہ کرتے ہوئے محتاط رویہ اختیار کریں۔ ورنہ معاملات میں خرابی آ سکتی ہے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ زیورات، زمین وغیرہ کی فروخت آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گی۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہو جائے گا۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف رجحان رہے گا۔ مذہبی اُمور میں دلچسپی بڑھے گی، اور اس حوالے سے مختلف کتابوں وغیرہ کا مطالعہ بھی کریں گے۔

25 تا 31 اگست

گھر میں رہنا اور گھر کے لوگوں کے ساتھ وقت گزارنا پسند کریں گے۔ سیر و تفریح کا پلان بنائیں گے، لیکن جا نہ پائیں گے۔ شراکتی اکاونٹ کھلوانے کے لیے اچھا وقت ہے یا اگر شراکتی اکاونٹ کا مسئلہ ہے تو وہ حل ہو جائے گا۔ انٹرلیول کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کے نتائج اچھے نہ آئیں گے۔ صحت کے حوالے سے احتیاط کریں، ورنہ بیماری طوالت اختیار کر جائے گی۔ گمشدہ اشیاء واپس ملنے کی توقع ہے جسے پا کر آپ خوشی محسوس کریں گے۔ اجنبی لوگوں سے ملیں گے اور جان پہچان بنانے کی کوشش کریں گے۔ مال اور اشیاء کے لین دین کے دوران محتاط رہیں۔ مخالف بے ایمانی اور دھوکہ دینے کی کوشش کرے گا۔ حکام اعلیٰ اور عمر میں بڑے لوگوں کے ساتھ وقت گزرے گا اور ان سے کافی کچھ سیکھیں گے۔

سعد تاریخیں	2-3-11-15-24-25-29-30
نحس تاریخیں	16-27
لکی نمبر	2-6-5

حوت

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نیپچون
منسوبی حروف	چ، د
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 اگست

ننھیالی رشتے داروں کے ساتھ ملنا جلنا ہوگا، ان کی طرف سے فائدہ ملنے کے امکانات بھی ہیں۔ بیرون ملک سفر کے حوالے سے یہ وقت بہتر نہیں ہے۔ ہاں اگر اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ضرور کریں، آپ کو اپنے مقاصد میں بھی خاطر خواہ کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ ملازمین اور اپنے ساتھ کام کرنے والے لوگوں سے وابستہ کام آسانی سے حل ہو جائیں گے، لیکن اس کے لیے آپ کو اپنا انداز گفتگو بھی لوگوں کے ساتھ بہتر رکھنا ہوگا۔ مالی معاملات کے حوالے سے آپ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ کسی کو قرض دی ہوئی رقم واپس ملنے کی توقع ہے۔ کسی بیماری کا شکار ہیں تو صحت میں بہتری آئے گی۔ گھر، زمین اور گاڑی کی فروخت کے حوالے سے یہ بہتر وقت ہے، آپ کو اچھی آفر ملے گی۔

9 تا 16 اگست

کاروبار میں بہتری کے حوالے سے آپ کے ذہن میں عمدہ خیالات آئیں گے۔ لیکن آپ کے وسائل اس بات کی اجازت نہ دیں گے۔ گھریلو سکون میسر آئے گا۔ نیز گھر کی تزئین و آرائش کے لیے بھی کام کریں گے۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں اور کوشش بھی کر رہے ہیں ان کی یہ محنت رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔ حکومتی عہدیداروں سے خواہشات وابستہ کرنا بے کار ہے کیونکہ وہ آپ کے کسی کام نہ آ سکیں گے۔ ذہن میں برے خیالات آئیں گے۔ زیورات یا سواری وغیرہ کی خریداری کے لیے موزوں وقت ہے۔

17 تا 24 اگست

شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ عشق و محبت کے کاموں سے دور رہنا ہی بہتر ہوگا۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ آپ کے اخراجات شریک کار/جنس مخالف پر ہوں گے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک مسائل کا سامنا ہوگا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ سخت رہے گا۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ بات چیت زیادہ رہے گی اور اپنے مسائل ان سے ضرور شیئر کریں، بہتر مشورہ ملے گا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔

25 تا 31 اگست

اعلیٰ اور حکومتی افسران آپ کے کاموں میں مشکلات پیدا کریں گے۔ انداز گفتگو میں بہتری آئے گی۔ نیز بہت سے لوگ آپ کی گفتگو سے متاثر بھی ہوں گے۔ شادی بیاہ کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ اچھی خوراک کھائیں گے۔ پھولوں میں دلچسپی بڑھے گی۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ گھر کی تزئین و آرائش کا پلان بنائیں گے، لیکن عملی شکل نہ دے پائیں گے۔ علوم خفیہ کی طرف رجحان بڑھے گا۔ ایسے کاموں میں دخل اندازی سے گریز کریں جن میں بات آپ کی عزت و وقار پر پہنچ جائے، کیونکہ ایسی حرکات آپ کی بدنامی کا باعث بنیں گی۔

سعد تاریخیں	4-9-31
نحس تاریخیں	19-20-27
لکی نمبر	1-4-9

☆☆☆☆☆

جواہرات اور تسبیحاں

ادارہ راہنمائے عملیات اصل جواہرات اور اصل پتھروں کی تسبیحاں ایک طویل عرصہ سے فراہم کر رہا ہے۔ یہ دراصل ادارہ راہنمائے عملیات پر اعتماد کی وجہ ہی ہے کہ ملک عزیز کے کونے کونے سے لوگ جواہرات اور تسبیحاں گھر بیٹھے طلب کرتے ہیں اور ادارہ بھی ان کے اعتماد پر پورا اترتا ہے۔ سو آپ بھی اصل جواہر و پتھر مناسب قیمت پر دفتر آ کر یا بذریعہ ڈاک طلب کر سکتے ہیں۔ جواہرات کی مزید تفصیل آپ ہماری ویب سائٹ پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔

ذیل میں جواہرات کی کم سے کم قیمت دی گئی ہے۔ آپ ہمارے سے چاہے سستا سے سستا پتھر خریدیں یہ یقین رکھیں کہ ہوگا وہ اصل۔ جواہر کے اصل ہونے کی ہماری گارنٹی ہے۔ جو لوگ خود نہیں آسکتے وہ ہماری ویب سائٹ پر پتھروں کی تصویر اور قیمت دیکھ سکتے ہیں۔ آپ ادارہ سے اپنے پسندیدہ پتھر کی انگوٹھی یا لاکٹ وغیرہ بھی بنوا سکتے ہیں۔

جواہرات

نام پتھر	قیمت	گاؤمیدک	1600	سنگ موسی	3000
عقیق	500	پیری ڈاٹ	1100	بلڈسٹون	1500
لاجورد	550	نیلم	2600	مقناطیس	1500
مرجان	1600	لہسنیا	900	مانک	3000
فیروزہ	2400	نائیگر	900	سنگ یشیب	4000
مون سٹون	1200	گارنٹ	950	سنگ حدید	1250
ریمبومون سٹون	3600	موتی	2000	زبرمہرہ	1000
اوپل	2200	فونکس/جیڈ	1500	ترلین	2200
زمرد	4200	زبرجد	1500	اونکس	1400
یاقوت	2600	دانہ فرہنگ	1500	کنزائٹ	4000
پکھراج سنہلا	950	کوارڈز	2000	جیسپر	1200
پکھراج پیلا	2500	روز کوارڈز	1500	لیبرڈوائٹ	2100
پکھراج سفید	6000	ایمے تھیسٹ (کٹیلا)	2000		
سنگ مریم	800	موئے نجف	1100		
ایکوامرین	3200	درنجف	750		

پتھروں کے اصل ہونے کی گارنٹی ہے

جواہراتی تسبیحاں

ذیل میں مختلف جواہرات سے بنی تسبیحوں کا ذکر ہے۔ خیال رہے یہ سب اصل ہیں کوئی بھی تسبیح ان میں سے نقلی نہیں ہے۔ یہ کم سے کم قیمت ہے۔

تسبیحات	قیمت 33 دانے	قیمت 99 دانے
عقیق یمنی لال	1200	3000
عقیق سلیمانی	1500	4400
عقیق لال کٹنگ والی	5000	---
عقیق کالا	2000	4000
عقیق سبز سلیمانی	7500	---
موتی	1650	4000
صدف	2800	8000
ٹائیگر	2000	3000
لاجورد	2200	6500
جیڈ	2750	4000
دانہ فرہنگ	2500	4000
سنگ یشیب	16,000	---
گارنٹ	12,500	---
پیری ڈاٹ	15,500	---
چاندی اللہ و محمد کندہ	8500	---

فون نمبرز	0300-8442060	0321-4753240	0300-4783518	042-36293245	042-36374864

نقاش کے جفری ٹوٹکے

از قلم: فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ

اس مضمون میں جفری ٹوٹکوں کی دوسری قسط دی گئی ہے۔ اس کی مزید اقساط بھی دی جائیں گی۔

پیارے قارئین کرام! جو ترتیب حروف ہم عملیات، تعویذات اور جفر میں استعمال کرتے ہیں۔ اس کی ترتیب اس طرح تھی (اب ج دھ وزح ط ی ک ل م ن س ع ف ص ق ر ش ت) یہ کل 22 حروف ہوتے تھے۔ یہ عبرانی / ہبریو زبان میں استعمال ہوتے تھے اور اب بھی ہوتے ہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ (1520 قبل مسیح) میں عبرانی زبان اور عبرانی قوم موجود تھی۔ آپ پر آسمانی کتاب تورات نازل ہوئی تھی۔ جو کہ پہلی کتاب شمار ہوتی ہے۔ تورات عبرانی میں اور 22 حروف میں تھی۔ آپ مصر، صحرا سینا ء اور فلسطین و مدین میں بھی رہائش پذیر دیے۔ آپ عبرانی زبان بولتے اور سمجھتے تھے۔ اگرچہ قبطی علاقہ میں پیدا ہوئے تھے۔ عبرانی گویا یہ عبرانی قوم کی نشانی ہے۔ اس سے حبشہ والوں نے سیکھا اور یونانیوں نے بھی سیکھا۔ عبرانی زبان کو حروف میں تبدیل کرنا حبشی خانہ میں ف = الف لکھیں۔ یہ آرامی شامی قوم کا کارنامہ ہے جو دو ہزار قبل مسیح میں سرانجام دیا۔ جن میں 22 حروف تھے۔

نمبر شمار	عبرانی حروف	عبرانی حروف کی آواز اور مطلب		حبشی آواز	یونانی آواز اور حروف		عربی آواز
۱	ا	الف	سینگ	الف	الفا	A	الف
۲	ب	بیث	گھر	بیت	بیٹا	B	باء
۳	ج	گیمل	اونٹ	جیمل	گاما	C	جیم
۴	د	دالث	دروازہ	دینیت	ڈیلٹا	D	دال
۵	ھ	ہے	کھڑکی	ہوئی	الپائی زون	H	حاء
۶	و	واو	کھونٹی	واوے	واو	V,W	واؤ
۷	ز	زین	ہتھیار	زائی	زیٹا	Z	زا
۸	ح	حیط	جنگلہ	حاؤما	حیطا	-	حاء
۹	ط	طیط	روئی	طیط	تھیٹا	-	طاء
۱۰	ی	یود	ہاتھ	یمن	آیوٹا	Y,J	یاء
۱۱	ک	کاف	ہتھیلی	کاف	کاپا	K	کاف
۱۲	ل	لامد	پھندا	لاڈے	لاند	L	لام
۱۳	م	میم	پانی	مائی	مو	M	میم
۱۴	ن	نون	سانپ، مچھلی	نون	نو	N	نون
۱۵	س	سامک	مچھلی	سمک	سی	S	سین
۱۶	ع	عین	آنکھ	عین	اومائی کرون	O	عین
۱۷	ف	فے	منہ	ایف	پائی	P,F	فاء
۱۸	ص	صاد	نیزہ	صادائی	سان	-	صاد
۱۹	ق	قاف	گدی	قاف	کوپا	Q	قاف
۲۰	ر	رس	راس	رس	راہو	R	راء
۲۱	ش	شین	دانت	شارت	سگی	X	شین
۲۲	ت	تاؤ	نشان	تاوے	تاؤ	T	تاء

یہ 22 حروف شام سے مصر اور شام سے حبشہ کی طرف گئے اور شام سے انبار، حیرہ کے راستے کوفہ میں پہنچے تھے۔ قدیم شام کے لوگ جو آرامی اور خونفی یا خونیشی کہلاتے تھے۔ انہوں نے قدیم مصری ہیروغلیفی رسم الخط کو نئی شکل دی تھی۔ یہ مصری خط 3200 قبل مسیح میں رائج تھا۔ جبکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا زمانہ (2160 تا 1985 ق۔م) ہے۔ آپ کلدانی قوم سے تھے۔ تصویری رسم الخط (مصری) کو کلدانی قوم کی نسل آرامی اور اسکی ذیلی نسل فونیقی / خونیشی نے حروف کی شکل دے کر لکھنا اور پڑھنا آسان کر دیا۔ پھر یہ حروف شام کے علاقہ کنعان سے ہر طرف پھیل گئے۔ جن میں عراق کا علاقہ بابل بھی ہے۔ بابل جو حیرہ اور کوفہ کے قریب ہے اور یہ بابل نینوی اور انبار سے بھی قریب ہے۔ شام سے مصر اور اردن کی طرف یہ عبرانی حروف چلے تھے۔ شام سے انبار کے راستے حیرہ کی طرف جو ترتیب حروف چلی تھی وہ سریانی کہلائی تھی۔ مگر عملیات میں جو ترتیب چلی وہ عبرانی تھی۔ حالانکہ عرب

مکۃ المکرمہ حروف یمن کے راستے مسند حروف، خیبر کے راستے ثمودی حروف اور اردن سے ساحلی علاقے سے نبطی حروف اور حیرہ کے راستے سریانی پہنچے تو ایک ترتیب بنی جو زیادہ تر بطاء بن حمل بن حضرت اسماعیل علیہ السلام کی نسل میں تھی۔ مکۃ المکرمہ اور اس کے مضافات میں چھے (6) حروف (ث، خ، ذ، ض، ظ، غ) بھی استعمال ہوتے تھے۔ انہوں نے عبرانی حروف کے آگے شامل کر دیئے۔ شام کے غسانی علاقہ سے جو عبرانی علاقہ تھا۔ یہاں سے حضرت ہاشم تعلق تجارت رکھتے تھے۔ حبشہ سے عبدالشمس اور نوفل یمن، عراق اور فارس کے علاقہ سے تجارت کر کے وہاں سے زبان بھی لے آتے تھے۔ اس طرح مکہ کی زبان زیادہ جدید ہوگئی۔ گویا اس وقت کی عربی اس وقت کی اردو بن گئی تھی۔ گویا اس سے ایک نئی شکل یا ترتیب بن گئی جو کہ یوں تھی (اب ج دھ وز ح طی ک ل م ن س ع ف ص ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ) یہی ترتیب اب عملیات، تعویذات اور جفر میں استعمال ہوتی ہے جو کہ عبرانی جفر سے عربی جفر کی اساس بن گئی۔

پیارے قارئین کرام! حضرت داؤد علیہ السلام کا زمانہ ایک ہزار قبل مسیح میں پایا جاتا تھا۔ آپ کے زمانہ سے قبل نبوت یہود اکے گھرانے میں چلی آرہی تھی اور حکومت افرائیم کے خاندان میں تھی۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے زمانہ میں نبوت اور حکومت آپ کے خاندان میں آگئی۔ پھر آپ کا بیٹا حضرت سلیمان علیہ السلام نبوت اور حکومت کے ساتھ عرب خطہ پر حاکم مقرر ہوئے۔ جس نے ملکہ سباء (بلقیس یمنی سبائی) کو زیر کیا تھا۔ قوم سبا تباہ ہوئی تو اس سے حمیری قوم نے عروج پکڑا اس قوم کا زمانہ 115ء قبل مسیح ہے۔ یہ قوم یمن، حضرموت، نجد اور تہامہ تک قابض تھی۔ ان کا بادشاہ تبع کہلاتا تھا۔ اس قوم نے حمیری رسم الخط دیا جو حمیری اور مسند کہلایا۔ اسی رسم الخط نے مکہ والوں کو زیادہ متاثر کیا تھا۔ یمن حضرموت، ربع الخالی، نجران، عسیر، طائف، نجد، مکہ اور حجاز کے علاقوں میں عبرانی حروف کے علاوہ چھے حروف (ث، خ، ذ، ض، ظ، غ) ان علاقوں کی اقوام میں شامل تھے۔ یہی حروف عراق کی قدیم اقوام سمیری، آشوری اور کلدانی اقوام میں شامل تھے۔ کیونکہ اس علاقہ میں حضرت ادریس علیہ السلام بھی تھے۔ جنہوں نے کوفہ کے مقام قدیم پر لکھنا پڑھنا اپنی قوم کو سکھایا۔ پھر اسی علاقہ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں۔ جو عراق کے مقام (اُر) میں پیدا ہوئے یا بابل کے قریب پیدا ہوئے۔ گویا کوفہ، حیرہ، بابل، نینوئی اور انبار وغیرہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قوم کے قبضہ و تصرف میں تھے۔ آپ ابوالانبیاء ہیں اور ابوالعرب بھی ہیں۔ آپ کے بعد آپ کے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام ہیں۔ وہ ابوالعرب ہیں۔ جن کی اولاد عراق کے مقام (الاحساء) سے لے کر یمن تک اور حضرموت سے لے کر شام تک پھیلی ہوئی ہے۔ مصر اور یمن والے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے سسرال والے بنتے ہیں۔ چنانچہ مکۃ المکرمہ عربوں کے 28 حروف 29/ حروف کا مرکز بن گیا۔ جو کہ اب تک بھی موجود ہیں اور تمام عرب قبائل کی مشترکہ ترجمانی اور قیادت کرتی ہے۔ جس طرح ہماری اردو زبان تمام قبائل پاکستانی کی ترجمان ہے۔ اب عربی زبان بھی ایسی حالت میں موجود ہے۔

پیارے قارئین کرام! عربوں نے اپنے پورے جزیرۃ العرب کے لیے عبرانی ترتیب حروف کے مطابق ترتیب حروف اس طرح بنائی کہ (اُب ج دھ وز ح طی ک ل م ن س ع ف ص ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ) ان حروف کی ترتیب کو ایک دانش ور حکم ابن مرہ نے آٹھ جملوں میں مرتب کیا تھا۔ یہ شخص حجاز، نجد، دومۃ الجندل، تبوک ایلہ کے درمیانی علاقہ تیما دیا مدین کا تھا۔ زیادہ تر لوگ کہتے ہیں کہ وہ مدین کا تھا۔ اس کے آٹھ بیٹے تھے۔ اس نے اپنے آٹھ بیٹوں کے نام (ابجد، ھوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ) رکھے۔ یہ ایک حکایت ہے۔ اس کے بارے میں کوئی معتبر بات تاریخ حروف کی کتب میں موجود نہیں ہے۔ البتہ اس طرح کی فرضی کہانی ضرور موجود ہے۔ تورات عبرانی میں اتری تھی اور 22 حروف پر تھی قرآن مجید 29/28 حروف پر نازل ہوا۔ اس میں (ا، ء) دو ایسے حروف ہیں جو اعراب سے الگ الگ ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ دونوں ایک ہی ہیں۔ اس طرح 29 حروف پھر اٹھائیس (28) حروف رہ جاتے ہیں۔ ان حروف کی ترتیب کو یاد رکھنے کے لیے اگر آپ ابن مرہ کے آٹھ جملوں کو دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ اس زمانہ کا آدمی ہے۔ جب عربی مرتب اور مروج ہو چکی تھی اور عبرانی مردہ زبان بن چکی تھی۔ یا کم از کم تورات تک محدود رہ چکی تھی۔ عوامی زبان نہیں رہی تھی۔ ابن مرہ اس وقت عربی زبان پر کام کر رہا تھا۔ عربی زبان کے لیے اور حروف کو یاد کرنے کے لیے ابن مرہ نے بامعنی جملے بنائے جن کی تعداد آٹھ تھی۔

(۱) ابجد = آغاز کیا (۲) ھوز = مجھے ملا
(۳) حطی = میں واقف ہوا (۴) کلمن = کلام کیا
(۵) سعفص = اس نے کہا (۶) قرشت = ترتیب دیا
(۷) ثخذ = نگاہ (نظر ثانی) کی (۸) ضظغ = تو (بات) یا (کام) مکمل ہوا

آپ ان آٹھ جملوں پر غور فرمائیں کہ یہ کسی کے بچوں کے نام نہیں

ہیں۔ یا یہ مدائن کے آٹھ بادشاہوں کے نام ہیں؟ بلکہ یہ دانش ور حکم ابن مرہ کے ذہن کی اختراع ہے۔ جس نے اگلی نسل کے لیے آسانی پیدا کر دی تھی۔ جس کی ایک مثال یہ ہے کہ قرآن مجید کی کچھ سورتوں کی ابتداء چند حروف کے مجموعہ سے شروع ہوتی ہے۔ جیسا کہ الم = (سورۃ بقرہ)، (سورۃ ال عمران)، (سورت عنکبوت)، (سورت روم)، (سورت لقمان)، (سورت سجدہ)، المص = (سورۃ اعراف) الر = (سورۃ یونس)، (سورۃ ھود)، (سورۃ یوسف)، (سورۃ ابراہیم)، (سورۃ حجر) المر = (سورۃ رعد) کٓھٰیٰعٓصٓ = (سورۃ مریم)، طٰہٰ (سورۃ طٰہٰ) طسم (سورۃ الشعراء)، (سورۃ قصص) طس (سورۃ نمل) یٰسین = (سورۃ یٰسین) ص = (سورۃ ص) حٰمٓ (سورۃ المومن) (سورت سجدہ) (سورۃ زخرف) (سورۃ دخان) سورۃ جاثیہ) سورۃ احقاف) حٰمٓ + عسق = (سورۃ شوریٰ) ق = (سورۃ ق) ن = (سورۃ قلم) قرآن مجید کی ان سورتوں کی ابتداء میں شروع ہونے والے حروف کو حروف قرآنی اور حروف نورانی کہا جاتا ہے۔ ان کے حروف الگ الگ کر کے خالص حروف الگ کر لیں اور مکرر حروف کو خارج کر دیں تو اس کے چودہ (14) حروف بن جاتے ہیں۔ جس طرح عبرانی قوم میں یہودیوں نے تورات سے عملیات کا کام لیا اور حروف کی قدر و قیمت اور مرتبہ مقرر کیا اور ان سے تعویذات لکھتے اور عملیات کرتے تھے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے سب سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھی تھی۔ یہ آیت قرآنیہ یا سورتوں کی ابتدائیہ ہے۔ یہ ابجد قمری / عبرانی کے ابتدائی 22 حروف کے اندر ہے۔ یہودی بھی اس کے (787) عدد لیتے تھے۔ کیونکہ وہ الرحمان لکھتے تھے۔ سریانی لوگ الرحمٰن لکھتے ہیں۔ اس لیے عدد (786) بنتے ہیں۔ عبرانی یہودی مکہ اور مدینہ کے درمیان یا مدینہ اور خیبر کی حدود میں رہتے تھے۔ تبوک بھی ان کے اثر میں تھا۔ یہودی عبرانی زبان میں عملیات کرتے اور تعویذات لکھتے تھے۔ چنانچہ انہیں قواعد پر مسلمانوں نے قرآن مجید کی سورتوں، آیات، اسماء الحسنٰی اور حروف سے کام کیا۔ اس بات پر تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ ان عبرانی یہودیوں کے قواعد پر قرآن مجید کی آیات سے کام لینا درست ہے۔ جس طرح یہودی تورات کی آیات سے کام لے رہے تھے۔ چونکہ قرآن مجید عربی زبان میں ہے۔ اس لیے عربوں نے عبرانی حروف کو 22 سے 28 پر اضافہ کر کے اس طرح کا جدول تیار کیا۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
أ ۱	ب ۲	ج ۳	د ۴	ھ ۵	و ۶	ز ۷
۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
ح ۸	ط ۹	ی ۱۰	ک ۲۰	ل ۳۰	م ۴۰	ن ۵۰
۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱
س ۶۰	ع ۷۰	ف ۸۰	ص ۹۰	ق ۱۰۰	ر ۲۰۰	ش ۳۰۰
۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸
ت ۴۰۰	ث ۵۰۰	خ ۶۰۰	ذ ۷۰۰	ض ۸۰۰	ظ ۹۰۰	غ ۱۰۰۰

اس جدول سے ماہرین جفر نے بہت سے کام لیئے اور عددی مستحصلہ جات تیار کیئے اور ایسے آسان قواعد تیار کیئے۔ جو ہر آدمی تھوڑی سی مشق کے ساتھ کام میں لا سکتا ہے۔ مگر یہ قواعد ایسے عام ہو گئے ہیں کہ ایک عام سا مولوی یا کوئی پرائمری پاس آدمی بھی اس جدول سے کام لے سکتا ہے۔ بشرطیکہ اس جدول کے حروف کی ترتیب یاد ہو اور ہر حرف کا عدد بھی معلوم ہو۔ اس قاعدہ سے تعویذات / نقوش تیار کر سکتا ہے۔ اپنے یا کسی دیگر مرد یا عورت کے کام کے حروف کے اعداد استخراج کر سکتا ہے اور کچھ جفری حساب و کتاب بھی کر سکتا ہے۔ مثال کے طور پر ذیل کے چند سوالات دیئے جا رہے ہیں۔

۱) اگر سوال قائم کیا جائے کہ میاں بیوی میں سے پہلے کون مرے گا؟

۲) اگر سوال اس طرح بنا دیا جائے کہ انتقال دن کو ہو گا یا رات کو؟

لال کتاب

لال کتاب کا یہ ترمیم شدہ ایڈیشن 1942ء میں شائع ہوا تھا۔ یہ کتاب ایک نایاب اور نہ دستیاب کتب میں شامل ہوتی ہے۔ جن کے پاس ہے بھی اُن کے پاس بھی کتاب کے مکمل صفحات نہیں ہیں۔ ادارے نے زرکثیر صرف کر کے اس کتاب کے تمام گمشدہ اوراق حاصل کر لیے ہیں۔ اب یہ مکمل حالت میں علوم مخفی کے ماہرین کے لیے دستیاب ہے۔ یہ کتاب پنڈت شرما گردھاری لال کی تحریر کردہ ہے۔ جو کہ خاندانی پنڈت اور نجومی تھے۔ علم نجوم اور علم سامدرک کے موضع پر یہ ایک ایسی کتاب ہے جس کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ اس کتاب کے ذریعے ہاتھ کی لکیروں سے بھی جنم کنڈلی بنائی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ کسی بھی فرد کے حالات و واقعات زندگی معلوم کیے جا سکتے ہیں۔ ایک نادر اور نایاب قدیم کتاب۔ حوالہ نمبر: 2 قیمت: 1100

۳) اگر سوال اس طرح کیا جائے کہ یہ عورت حاملہ ہوگی یا نہ ہوگی؟
۴) اگر حاملہ ہو جائے تو حمل قائم رہے گا یا قائم نہ رہے گا؟
۵) اگر حمل ہو گیا اور سوال پیدا ہو جائے کہ لڑکا ہوگا یا لڑکی پیدا ہوگی؟
۶) اگر حمل کی ابتداء ہے اور معلوم نہ ہے کہ حمل ہے یا نہ ہے؟
۷) اگر سوال کرنے والا کسی چیز یا مرد / عورت کے حصول کا سوال کرے؟
۸) اگر سوال یوں کیا جائے کہ چیز، مرد یا عورت یا پھر مکان، جانور یا سواری کو حاصل تو کر لیا ہے۔ کیا یہ میرے پاس رہے گی یا نہ رہے گی؟ (خاص طور پر یہ سوال عورت کے لیے کرتے ہیں۔)
۹) اگر سوال یہ کردے کہ فلاں چیز کے حصول کے لیے یا کسی اور مقصد کے لیے سفر کروں یا نہ کروں؟
۱۰) پھر سوال یوں کردے کہ سفر سے فائدہ ہوگا یا نقصان ہوگا؟
۱۱) سوال چوری کے بارے میں کیا جائے کہ چوری ہوئی ہے یا نہ ہوئی ہے؟
۱۲) سوال پھر یوں کر دیا جائے کہ چوری شدہ مال، چیز ملے گی یا نہ ملے گی؟
۱۳) سوال یوں کر دیا جائے کہ چور مرد ہے یا عورت ہے یا چور نوجوان ہے یا بوڑھا ہے؟
۱۴) چور کا رنگ سفید ہے یا سیاہ ہے یا چور نے چوری دن کو کی ہے یا رات کو کی ہے؟
۱۵) اگر سوال کردے کہ مقدمہ کر دوں یا کرنا چاہتا ہوں کہ کامیابی ہوگی یا نہ ہوگی؟
۱۶) اگر سوال کرے کہ کوئی نامعلوم کام کر رہا ہوں۔ اس میں کامیابی ہو گی یا نہ ہوگی؟
۱۷) اگر سوال کرے کہ فلاں سے شرکت / مشترکہ کاروبار، کام یا شادی وغیرہ کے لیے کچھ پوچھتا ہوں کہ ایسا کروں یا نہ کروں؟
۱۸) ایسا سوال کردے کہ کاروبار، شرکت یا کوئی کام مرد سے کروں یا عورت سے کروں؟
۱۹) اگر سوال کردے کہ یہ کام دن سے کروں یا رات سے کروں؟
۲۰) یا یوں بولے کہ کام قبل از دوپہر کروں یا بعد از دوپہر میں کروں یا یوں بولے کہ رات کے ابتدائی حصہ میں کروں یا آخری حصہ میں کروں؟

قارئین کرام! ایسے کئی سوالات ہو سکتے ہیں۔ جن کے جوابات ایک جفار کو بذریعہ جفر دینا پڑ جاتا ہے۔ ایسے سوالات کے جوابات شمع شبستان رضا میں لکھے ملتے ہیں۔ مگر کچھ ایسے سوالات بھی ہیں۔ جو اس کتاب میں درج نہ ہیں۔ تب عامل ناکامل بڑا پریشان ہو جاتا ہے۔ کیونکہ وہ بے استاد اور بے پیرا ہوتا ہے۔ فقط کتاب شمع شبستان رضا پر انحصار کرتا ہے۔ اگر جواب درست ہو جائے یا بن جائے تو سوال کندہ راضی ہو جاتا ہے۔ اور اگر جواب غلط ثابت ہو جائے تو جعلی جفار رضا ہو جاتا ہے۔ کیونکہ سوال کندہ کبھی کبھار جھوٹ بول کر سوال کرتا ہے۔ کبھی غلط ناموں سے سوال کرتا ہے۔ کبھی کوئی کام ہو چکا ہوتا ہے۔ مگر جفار سے اس کے بارے میں مستقبل میں ہونے کے لیے پوچھتا ہے۔ جیسے میاں بیوی میں سے پہلے کوئی مر چکا ہوتا ہے۔ یا خاوند اور بیوی اپنے زوج / زوجہ کا نام غلط بتا کر جواب طلب کرے۔ کنواری، مطلقہ یا بیوہ عورت کے بارے میں پوچھیں کہ اس کو حمل ہے یا نہ ہے۔ تازہ بیوہ عورت یا مطلقہ عورت کے بارے میں سوال بن سکتا ہے۔ کنواری لڑکی کے بارے میں غلط کاری کی وجہ سے سوال بن سکتا ہے۔ حاملہ کے پیٹ میں لڑکی یا لڑکے کے لیے اب الٹرا ساونڈ سے جنس کی خبر ہو جاتی ہے۔ پھر بھی لوگ پیر صاحب سے امتحان کے لیے پوچھ لیتے ہیں۔ جب پیر صاحب کا جواب درست نکلے تو قابل پیر شمار ہوتا ہے۔ اور اگر جواب غلط برعکس الٹرا ساونڈ کے بتائے تو پیر صاحب کا چند مثالوں سے مذاق اڑایا جاتا ہے۔ اسی طرح سفر، چوری اور کاروبار پر سوال کرتے ہیں یا پھر فتح و شکست کے سوالات آتے ہیں۔ جس میں ایک کے مقابل دوسرا فریق بھی ہوتا ہے۔ سوال فتح و شکست میں دو فریق شامل کریں گے اور دن کا عدد بھی لیں گے۔ اگر باقی صفر بچے تو دونوں فریق شکست کھا جائیں گے۔ مراد صلح ہو سکتی ہے۔ دونوں کے مقدمات خارج ہو سکتے ہیں یا کوئی تیسرا فریق فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ جیسے سیاست دان پولنگ کے دن ہار جاتے ہیں اور تیسرا سیاست دان جیت جاتا ہے۔ آپ دو فریقوں کے الگ الگ حساب بھی لگا سکتے ہیں۔ اس حساب میں دونوں

عطر گلاب

تازگی، تھکاوٹ اتارنے، خون کی فراوانی روکنے کے لیے، معدے اور جگر کے امراض کے لیے مفید، جلد کی حفاظت و بہتری، آنکھوں کے لیے مفید، وبائی امراض سے حفاظت، زخموں کو بھرنے، حافظے کی بہتری، غصے کو قابو میں رکھنے، خواتین کے امراض میں مفید۔

فریقوں کے باقی اعداد ایک یا صفر بچ سکتے ہیں۔ دونوں کے طاق باقی ماندہ یا دونوں کے جفت باقی مندہ ہو سکتے ہیں۔ یہ قاعدہ ذرا پیچیدہ اور مشکل ہے۔ اس کا قاعدہ اور ہے۔ پھر بیان کروں گا۔ یعنی کام کے ہونے پر یا ہو جانے پر پوچھتے ہیں۔ تو اسی میں لامحالہ غلطی ہو سکتی ہے۔ چنانچہ پہلے سوال کنندہ سے پوچھ لینا چاہیے کہ سوال میں جو کچھ پوچھا جا رہا ہے۔ وہ پہلے وقوع پذیر تو نہیں ہو چکا۔ یا سوال علیہ یا سوال علیہا یا پھر اپنی ذات کے بارے میں جو نام بتائے ہیں یا دیئے ہیں وہ درست ہیں۔ تو پھر جفری جواب نکالنا چاہیے۔ ایک اور نکتہ یا نقطہ کی بات جفار کو یاد رکھنا چاہیے کہ سوال کنندہ جب سوال کر رہا ہو تو اس کے سوال میں دیکھنا چاہیے کہ پہلے کس چیز کا نام لیتا ہے۔ دوسرا نام کس چیز کا لیتا ہے۔ مثلاً یوں پوچھتا ہے کہ حاملہ سے لڑکا ہوگا یا لڑکی پیدا ہوگی۔ اس میں لڑکا پہلے ہے اور لڑکی بعد میں ہے۔ یہی سوال یوں پوچھا جائے کہ حاملہ سے لڑکی پیدا ہوگی یا لڑکا پیدا ہوگا۔ تو ایسے سب سوالوں کے جوابات قاعدہ اجہز ط بدوج سے استخراج ہوتے ہیں۔ نام سائل معہ والدہ کے اعداد یا ہمراہ سوال علیہ / سوال علیہا کا نام معہ والدہ کے اعداد لیں۔ پھر یوم سوال کے اعداد شامل کریں۔ مزید تاریخ قمری ہجری یا شمسی تقویم جو علاقہ میں چل رہی ہو۔ اس میں شامل کریں۔ بعض جفار حضرات قمری برج اور قمری منزل کے اعداد بھی شامل کر لیتے ہیں۔ پھر اسے طاق و جفت یعنی اکی پور (سرائیکی زبان کا لفظ ہے) پر تقسیم کر دیں یعنی دو پر تقسیم کر دیں۔ لامحالہ باقی ایک یعنی طاق (اکی) بچے گا۔ یا باقی دو یعنی جفت (پور) بچے گا۔ یعنی پورا پورا تقسیم ہو جائے گا۔ طاق (اکی) کام کے ہونے کی دلیل ہے۔ یا پہلی بات کی دلیل ہے۔ جو سوال کا پہلا حصہ ہے۔ جفت (پور) کام کے نہ ہونے کی دلیل اور علامت ہے یا سوال کے دوسرے حصہ سے تعلق رکھنے کی بات ہے۔ یہ قاعدہ اس وقت مؤثر ہے۔ جب اس قاعدہ کے مطابق سائل کے سوال میں دو باتیں ہوں۔ تیسری بات کا ذکر نہ ہو۔ اگر ہوگی تو یہ قاعدہ غلط اور فیل ہوگا۔ یا کہ سوال یوں ہو کہ حمل (حاملہ) میں لڑکا ہے یا لڑکی ہے۔ یا کچھ بھی نہیں ہے۔ یا یوں ہو کہ حاملہ (حمل) لڑکے کا ہے یا لڑکی کا ہے۔ یا حمل ضائع ہو جائے گا۔ تو اس صورت میں یہ قاعدہ غلط ہے۔ نا قابل عمل ہے۔ بعض اوقات شرارت میں عورتوں والے اور مردوں والے مشترکہ ناموں سے دھوکا دیا جاتا ہے۔ جیسا کہ نام نسیم، شمیم، فیض، عزیز، فضل اور بختو وغیرہ ہوتے ہیں۔ چنانچہ مرد کو حاملہ بتا کر حساب لگوانے سے جو جواب نکلے گا وہ بعد میں تضحیک کا باعث بن سکتا ہے۔ اس صورت میں جو مشروط دیں کہ اگر یہ عورت ہے تو جواب اس طرح ہو سکتا ہے۔ ایک اور صورت یہ ہے کہ یہ حاملہ عورت اس مرد سے حاملہ ہوئی ہے یا اُس مرد سے حاملہ ہوئی ہے۔ اس طرح کا سوال حل ہو سکتا ہے۔ مگر ایسا سوال حل نہیں کرنا چاہیے۔ غلط جواب سے عورت کا مستقبل تباہ ہو جائے گا۔ یا سوال کنندہ یوں بولے کہ کاروبار میں فائدہ ہوگا یا نقصان ہو گا۔ یا برابر رہیں گے۔ اس سوال میں بھی یہ قاعدہ غلط اور ناقص ہے۔ یہ قاعدہ اس صورت میں درست ہے کہ جب ایک جواب درست ہو یا مثبت ہو۔ دوسرے کا جواب غلط ہو یا منفی ہو۔ یا دونوں کی جنس ایک جیسی ہو۔ ان میں سے ایک کا انتخاب کرنا ہو۔ یا دو مخالف جنسوں میں سے کسی ایک جنس کا انتخاب کرنا ہو تو اس قاعدہ پر آزمائش کرنا چاہیے۔

قاعدہ یوں ہے کہ تمام 28 حروف کی ابجد میں سے صرف حروف (اجہز ط) کا انتخاب کریں باقی چھوڑ دیں یا حذف کر دیں۔ سائل معہ والدہ یا مسئول علیہان (مسئول علیہ / مسئول علیہا) کے حروف کو بسط حرفی کر کے صرف اعداد (اجہز ط) کو شمار کریں۔ یوم سوال اور تاریخ سوال کو بھی شامل کریں۔ یوم سوال لازمی ہے۔ تاریخ سوال اضافی چیز ہے۔ تاریخ سوال پہلے مسلمان جفار قمری ہجری شامل کرتے تھے۔ پھر شمسی تاریخ کا رواج پڑ گیا۔ جس میں بکرمی (دیسی تقویم) اور شاکا کا رواج پڑا تھا۔ اب شمسی عیسوی گریگورین کا رواج ہے۔ آپ سوال کی پوری عبارت کو بھی شامل کر سکتے ہیں۔ چنانچہ جو بات آپ کو درست لگے یا آپ کے قلم سے جواب درست آئے۔ اسی پر مشق کرتے رہیں۔ قاعدہ اجہز ط کے مطابق حروف اور ایام کا جدول ذیل میں ہے۔

عربی کے 28 حروف سے صرف 8 حروف کے اعداد							ہفتہ کے سات ایام کے اعداد						
قاعدہ	ا	ج	ہ	ز	ط	ی	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ
اجہز ط	۱	۰	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۰	۰	۰	۰	۱

☆☆☆☆

ہر ماہ شائع ہوتا ہے
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
علوم مخفی کے موضوع پر ایک ایسا پرچہ ہے جو ہر گھر اور عامل کی ضرورت ہے۔ یہ ہر ماہ باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے۔ نجومی ماہانہ حالات، عددی ماہانہ حالات، ہاٹ نمبر، عملیات، نجوم، روحانیات، تسخیر، حاضرات، سحر و جادو، جفر، پامسٹری، پیدائوم، پتھر، نقوش، الواح، اعداد، نفس، رمل، تقویم، ساعات، تسخیر، زکات، خواب، حل شناسی، مقناطیسی قوت، مراقبہ، ماہانہ حالات، ہاٹ نمبر، انعامی نمبر، سیاسی حالات، کوائکی نظرات، روزانہ تقویم، یونانی اور ہندی نجومی حسابات، بزرگوں کے حالات اور بہت سے دوسرے امور اس میں زیر بحث آتے ہیں۔

برج سنبلہ

تحریر: سید عرفان، اسلام آباد

مختصر منسوبات

جنسی خواص	عنصری خواص	جسدی خواص
مونث	خاکی	ذوجسدین
حاکم کوکب	مخصوص دن	مخصوص حروف
عطارد	بدھ، جمعرات، جمعہ	پ، غ
جسم کا حصہ	مخصوص رنگ	مخصوص پتھر
پیٹ	سبز، پیلا، سفید	پنا، پکھراج، ہیرہ

موزوں کھانے:۔

لیموں، کالا زیرہ۔

موزوں کھیل/شوق:۔

ناچ، دستکاری، گھر کا کام، زبانیں سیکھنا، پینٹنگ بنانا، پڑھنا لکھنا۔

موزوں جڑی بوٹیاں اور پودے:۔

بام مرہم، زیرہ، میتھی کے بیج، سونف، مہندی۔

پیشہ:۔

سائنس، سرکاری ملازمت، درس و تدریس، استاد، تحقیق لکھاری، انتظامی شعبے، تجارت، شماریات، حساب دانی، نرسنگ طب میڈیسن، دوا سازی، علاج معالجہ، روحانی علاج کرنے والے، اکاؤنٹنگ، بک کیپنگ، سیکرٹری، بنکاری، کرنسی کا کام، نرسنگ، پالتو جانور، کاغذ کا کام، ادب، صحافت، جانوروں کا ہسپتال، مذہب کی تبلیغ، محکمہ ڈاک کی ملازمت، کمپیوٹر کا کام کرنے والے۔

عام خصوصیات

سنبلہ افراد بہت ذہین ہوتے ہیں، ہر چیز کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ہر کام کو صحیح اور سلیقے سے کرتے ہیں۔ عموماً ان کو ایسے علم کا شوق ہوتا ہے جو کہ عملی ہو۔ یہ افراد دوسروں کی مدد کے لیے تیار رہتے ہیں۔ عملی اور اچھے کاموں میں دوسروں کے ساتھ مل کر دل سے کام کرتے ہیں۔ ان میں اکثر افراد احتیاط سے کام کرنا جانتے ہیں اور قابل عمل کام اور خیالی پلاؤ میں فرق سمجھ سکتے ہیں۔ یہ اپنے حالات کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال سکتے ہیں۔

موزوں حالات/منسوبات:۔

تعلیم، پڑھنے کی جگہ، لائبریری، آڈٹ سے متعلق رجسٹر وغیرہ، کھانے کی اشیاء اور ادویات رکھنے کی جگہ، الماری، پالتو جانور، غیر شادی شدہ لڑکیاں۔

موزوں اشیاء:۔

لباس، گھریلو جانور، کتابیں، ٹکٹ۔

صحت:۔

یہ لوگ کام میں مگن ہو کر اپنی صحت داؤ پر لگا دیتے ہیں۔

محبت کے معاملات:۔

اگرچہ سنبلہ افراد شرمیلے اور اپنے آپ میں خوش رہنے والے ہوتے ہیں مگر اگر محبت مل جائے تو بہت خوش رہتے ہیں۔ یہ کھل کر پیار کا اظہار کرنے کی بجائے اشاروں سے اظہار کرتے ہیں۔

مثبت خصوصیات

سنبلہ افراد بہترین منتظم ہوتے ہیں۔ یہ کام کو سوچ سمجھ کر اور سلیقے سے نہ صرف خود کرتے ہیں بلکہ دوسروں سے بھی صحیح طریقے سے کام کرواتے ہیں۔ ہر کام میں احتیاط پسند ہوتے ہیں۔ اچھے اور برے میں تمیز کر سکتے ہیں۔ نازک مزاج ہوتے ہیں۔ ہر چیز کا تجزیہ کر سکتے ہیں۔ کام کو باریک بینی سے کرتے ہیں۔ مزاج میں انکساری ہوتی ہے اور ان کی دلی خواہش ہوتی ہے کہ ہر چیز صحیح طریقے سے کی جائے۔

یہ محبت کے معاملات میں بھی سوچ کا دامن نہیں چھوڑتے اور نتیجہ کے بارے میں سوچ کر ہی آگے بڑھتے ہیں۔ اگر ان کو پیار مل جائے تو یہ بہت وفادار اور اچھے ساتھی ثابت ہوتے ہیں۔

یہ خاکی عنصر ہونے کی وجہ سے کافی مضبوط ہوتے ہیں اور مشکلات پر قابو پا سکتے ہیں۔ دوسرے افراد کے مقابلے میں زیادہ ثابت قدم ہوتے ہیں۔ خاص طور پر اگر یہ لوگ اپنے آپ کو پرسکون رکھ سکیں۔

منفی خصوصیات

بعض اوقات سنبلہ افراد ہر کام کو ترتیب سے کرنے کے ضبط میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ہر وہ کام جو کہ ان کی ذہنی ہم آہنگی کے خلاف ہوتا ہے اس سے وہ پریشان ہو جاتے ہیں۔ وہ اپنا ٹارگٹ پورا کرنے کے لیے ہر کام کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں۔

یہ لوگ ضرورت سے زیادہ محتاط ہوتے ہیں۔ دوسروں کو طعنے دیتے ہیں۔ ہر وقت شکوہ شکایت کرتے ہیں۔ ضرورت سے زیادہ تنقید کرتے ہیں اور ضرورت سے زیادہ معتقد ہوتے ہیں۔

ان کو اپنے خیالات کا اظہار کرنے میں عموماً مشکل ہوتی ہے۔ اور وہ محبت میں ناکامی کے خوف کی وجہ سے آگے بڑھنے سے گھبراتے ہیں۔ یہ ہر وقت نکتہ چینی اور روک ٹوک کر کے اپنے ساتھی کو تنگ کرتے ہیں۔

یہ کام کے جنون میں اپنے آپ کو تھکا دیتے ہیں۔ دماغ اور جسم دونوں کو ان کے ہاضمے کی پریشانی ہو جاتی ہے۔ بے خوابی کے مثال کا سامنا ہوتا ہے۔ یہ اپنے آپ کو کام سے نہیں روک سکتے اور کام کی پریشانی میں نروس ٹینشن کا شکار ہو جاتے ہیں۔

بیماریاں

آنتوں، پیٹ، کمر کے نچلے حصے سے متعلق امراض۔

❁❁❁

بقیہ لوح دفع آسیب وجنات کا بقیہ

ایک لوح مریض کے استعمال شدہ رومال مین سر کے بال، ایک تصویر اور ایک لوح ڈال کر دور جنگل یا ویران جگہ جا کر دفن کر دیں اور دوسری لوح مریض کے گلے میں ڈالے، 72 گھنٹوں کے اندر اندر شفاء نصیب ہوگی اور اہم بات یہ کہ سوا کلو گوشت بھینس کا صدقہ دیں۔ امنت باللہ 99 بار پڑھ کر مریض کے سر سے 9 بار وار کر سمندر میں ڈال دیں۔ عامل ریاضیت میں یا اللہ یا سلام 1100 بار یا 101 بار پڑھتا جائے تین دن برابر مریض کا تصور کر کے جنات و آسیب دفع شود۔ انشاء اللہ دفع نہیں ہوئے تو ہلاک ہو جائیں گے۔ مجھے اور ادارے کے تمام لوگوں کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ پھر زندگی رہی تو ایک نئے مضمون کے ساتھ حاضر ہوں گا۔ جب تک کے لیے فی امان اللہ۔

لوح یہ ہے۔

ی ا ق ھ ا د ۷۸۶ ی ا ح ف ی ظ
یا الھی نجیۃ الافات جملہ سحرش الارض
والسماء البروج والسیارکان وستارکان و
العلم السطحا والناری الخالی والباری واہبی و
الھوانی وشرالوسواس الخناس والجن والانس واہ
بلیس وزیت الشیطن الخبث والخبالین بطیفل
محمد مصطفی صلی اللہ علیہ والہ وسلم یا اللہ یا اللہ یا اللہ
یا دافع یا دافع یا دافع

☆☆☆

بانڈ نمبر

بانڈ نمبروں کے لیے ہماری کتب اور جنتریوں کا مطالعہ کریں۔ ان میں فارمولوں کے علاوہ حل شدہ نمبر بھی دیے گئے ہیں تاکہ جو لوگ خود حل نہیں کر سکتے، ان کے لیے آسانی ہو۔

فصل اسمائے معظم کے بیان میں

حب کے بیظر ہے چاہے کہ روز شنبہ کو سات مرتبہ آیت شریف پڑھ کے آگ پر ڈالے اور نام اپنا مع والدہ و نام مطلوب زبان پر لاوے اسم یہ ہے۔قل افلاتو عدون الی اخرۃ دیگر واسطے حب کے یہ آیت شریف اکیس مرتبہ سیاہ مرچ پر پڑھ کے دم کرے اور آگ میں چھوڑ دے سہ شنبہ اول سے سہ شنبہ تک یہ عمل کرے مطلوب حاضر ہو آیت شریف یہ ہے۔وانہ علے ذالک لشھید ۵ وانہ لحب الخیر لشدید۔فلاں فلاں علی حب فلاں بن فلاں ساتھ عمل کے کہتا جاوے دیگر واسطے حب کے بروز پنجشنبہ پڑھنا اختیار کرلے اور چاہیے چار شنبہ سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جس کسی کو چاہے مطیع ہو جاوے اسم یہ ہے۔یا مقلب القلوب والا بصار ۵ کو خلیفہ اولیاء موافق عدد اسم مطلوب کے پڑھے دیگر اگر کوئی شخص چاہے کہ فلاں عورت مجھ پر عاشق ہو لاوے اتوار یا منگل کو لکڑی انجیر کی اور مادہ سگ کو وہ لکڑی مارے پھر اس لکڑی کو جلاوے جب کہ وہ لکڑی راکھ ہو جاوے تو اپنے پیشاب میں اس کی گولیاں بناوے اور بروز مذکور ایک گولی جس عورت پر چاہے مارے عورت فریفتہ ہو۔دیگر اگر چاہے کہ کسی کو مسخر و مبتلا کے محبت کرے یہ دعا نو چندی جمعرات کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھے اور لوبان سے دھونی دے اور خوشبویات مثل وعطر وگل خوشبودار وغیرہ کے پاس رکھے پھر اگر سات مرتبہ پھول خوشبودار پر دم کرکے جس کسی کو سنگھا دے فریفتہ ہو جاوے تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے مہربان ہو جاوے اور

یہ مضمون کتاب ''اعجاز محمدی'' سے لیا گیا ہے۔مکمل کتاب آپ فوٹو کاپی کی صورت میں ادارے سے حاصل کر سکتے ہیں۔
حوالہ نمبر 22 - قیمت -/220

اگر سات مرتبہ شرینی پر دم کرکے کھاوے فریفتہ ہو دعا یہ ہے۔اھیاً اشراھیاً اجلی نونی داعتومہ ہاسرل، بحق الوہ سنیکسو رسینتیس دن اللہ کرے بے لمنہ جوکنی عواری عماری مشتاری اسریوہ سلیمان کشمری یا اللہ۔دیگر واسطے بزر درہم کے خصوصاً بغرض آزو باد محبت یا وسعت رزق کے اس دعا کو بعد نماز عشا کے ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ مع اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے پڑھے اور خوشبو بھی لاوے اور وقت پڑھنے دعا کے اس امر کا خیال کرے کہ جناب باری بوسیلہ فرشتوں کے میری دعا حضرت پاک غوث تک پہنچاوے گا اور وہی میرا نام بناوے گا ورنہ سوائے ذات علام الغیوب کے کوئی کسی کو آفت سے بچا نہیں سکتا اور نہ رتبہ حاضر و ناظر کا کسی کو حاصل دعا یہ ہے۔یا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ۔دیگر اگر وقت تکلیف جننے کے یہ دعا لکھ کر کمر عورت میں ریسماں سے باندھے بلا تکلیف بچہ پیدا ہو جاوے لیکن بعد فراغت تعویذ کو کھول ڈالے ورنہ جو کچھ پیٹ میں ہوگا گر پڑے گا دعا یہ ہے لاحول ولا قوت الاباللہ العلی العظیم کی دھونی لوبان سے عمل میں لاوے دیگر اگر کسی کی دیوار شق ہوگئی ہو اور شک گر جانے کا ہووے تو یہ دعا لکھ کر دیوار پر چسپان کردے وے۔جب تک یہ پرچہ دیوار پر رہے گا ہرگز نہ گرے گی۔دعا یہ ہے۔بحق شاہ دین معروف کرخی بماند سالہا دیوار ترقی کہ وزبان علی موسی رضا بود علی موسے رضا باوے رضا بود بعد ازاں کچھ خیرات دے وے۔دیگر نقل ہے امام ناطق جعفر صادق سے جو عورت سورت نون کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے جلد حاملہ ہو جاوے اور جس

درخت میں لکھ کر باندھے جلد بازور ہو جائے۔ مگر ہر نوچندی جمعرات لوبان سے دھونی سے کر عمل کرنا واجب ہے اور دعا یہ ہے۔ **ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو۔ حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم صلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ و آلہ واصحابہ اجمعین** ۔ زیادتی دودھ کے واسطے یہ آیت تین مرتبہ نمک پر پڑھ کر دم کرے اور عورت کو کسی غذا میں کھلاوے بفضل الٰہی دودھ اس قدر زیادہ ہوگا کہ چار لڑکے پئیں اسودہ ہوں شیر کم نہ ہوگا آیت یہ ہے۔

دیگر: یہ اسم اعظم وقت نیم شب کے روز پر فتوح عیب ہوا دل بسم اللہ گیارہ مرتبہ پڑے بعد اسم یا عزیز ایک ہزار ایک سو بار پڑھ کر گیارہ دفعہ یا رحیم یا کریم درود زبان کرے ایک چلہ بہ طہارت عمل میں لاوے عمل ہو جاوے دیگر واسطے فراغت معاش کے اگر شب کو اسم یا غفور ہزار مرتبہ پڑھے بعد اکیس روز کے فائدہ اس کا ظہور میں اوے بہت ازمودہ ہے۔ دیگر واسطے ہر مطلب کے خواص کیمیاء رکھتا ہے چاہے کہ سواپاؤ آٹا ماش کا خمیر کر کے جائے پاک میں اپنے ہاتھ سے ایک روٹی پکاوے اور دو تر کر کے رومال پاک میں رکھ کر چارم حصہ نان کی مثل کنار صحرائی کے گولیاں بنائیں اور ہر گولی پر اسم مذکورہ ذیل ایک مرتبہ پڑھے بعدہ تمام گولیاں معہ باقی روٹی کے جس دریا میں کہ مچھلیاں بہت ہوں چھوڑ دے۔ اسم یہ ہے۔ یا اسرافیل بحق یا اللہ اگر چالیس روز عمل میں لاوے مراد دلی بر آوے یہ بھی مجربات مؤلف سے ہے دیگر واسطے درد اعضا کے یہ اسم پر اثر کاغذ پر لکھ کر درخت نیب یا انار پر چسپاں کرے اور جس مقام پر درد مطابق نشان اشعار ذیل کے اسی حروف پر میخ آہنی ٹھونکے سے درد دفع ہو جاوے بحق یا اللہ اسم یہ ہے یا سمعونی والمطانی۔

دردسر دریابزن دندان یسٰین میم راور حلق زن اے ہمنشین
نیم سر درعین زن درداو گوش بہر تب درتاجرن فارغ نشین

ہر وقت میخ ٹھونکنے کے بیمار سے وعدہ کرالے مگر وعدہ کم ہو جب تک وعدہ نہ ہوگزر ہے گا اس مدت تک درد وہاں نہ ہوگا۔ بعد گزرنے وعدے کے پھر ہوگا بہت مجرب اور ازمودہ ہے۔ دیگر یہ شعر واسطے دردزہ کے لکھ کر پلاویں دردزہ فوراً دفع ہوگا۔ بہر یک قطرہ آبے جگرت بشگا فندائے صدف نشہ بمیر دیسوئیساں منگشت بہت مجرب ہے۔ دیگر عمل دردسر قولہ تعالیٰ سات بار اس آیت کو پڑھ کر سر دم کرے درد نہ رہے گا۔

فصل تیسری نقشیات کے بیان میں

محبت اور دوستی کے گوسفند کے شانے منہ نام چاروں آدمی کے لکھے اور چولہے یا تنور میں دفن کرے مطلب بر آوے کے نقش یہ ہے۔ دیگر یہ نقش بساعت نیک بائیں ہاتھ پر لکھ کر مطلوب کو دکھلاوے فرمان بر آوار ہو جاوے



دیگر۔ اگر چاہے کہ اپنے عشق میں کسی کو دیوانہ کرے یہ تعویذ بروز دو شنبہ مطلوب پارچہ سفید پر لکھ کر ملاحظہ کرنے اور اسی نقش کو ساعت نیک میں فتیلہ بنا کر روغن میں جلاوے مطلوب جلد حاضر ہو۔ فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں۔

ع ط ۱۵۱۸۱۱ ط ۱۴۱۴۷۲۱۱

دیگر۔ واسطے جمعیت دینا و تسخیر کے لاثانی و بے نظیر چاہے کہ پیش از طلوع آفتاب تازہ آنار کی شاخ سے لکھ کر قدرے شکر اس پر رکھے اور آفتاب کو ملاحظہ کرا کے بہت روز تک دریا میں چھوڑے بعد ازاں دو نقش بطور زکوۃ کے لکھتا رہے اور قدرے شرینی اس پر رکھ کر دریا میں چھوڑے نقش یہ ہے۔

۱۸	۴۸	۱۶
۱۱	۳۴	۳۶
۴۲	یاباسط	۳۰

بعد ازاں دس روز یا ہفتہ کے اس معائنہ کرے مگر عروج ماہ شروع کرے۔ دیگر پوست ہدہد سایہ میں خشک کرے اور بروز یکشنبہ یا سہ شنبہ اس پر یہ تعویذ لکھ کر لوبان سے دھونی دے کر کمر میں باندھے اوہم صحبت ہو ہو ماندہ نہ ہوگا نقش یہ ہے۔

۷	۱	۸
۶	۳	۳

دیگر۔ اس تعویذ کو لکھ کر بروز یکشنبہ بعد نماز صبح کے مسجد یا خرابہ یا خانہ مطلوب میں دفن کرے خواب مطلوب کا بستہ ہو یعنی کہ جب تک طالب پاس مطلوب کے نہ آوے بے قرار رہے اور نیچے تعویذ کے نام اپنا اگر مرد ہو نام معہ والدہ اس کی کے لکھے کہ اس طرح فلاں بن فلاں بستم خواب فلاں بنت فلاں علیٰ حب فلاں بستہ گرد تعویذ یہ ہے۔



دیگر۔ جو اس نقش کو بروز یکشنبہ دھونی لوبان کی دے کر گوشہ زمین میں دفن کرے اور اس پر میخ آہنی گاڑ دے اور زیر تعویذ لکھ دے اور زبانی بھی کہہ دے کہ خواب اور آرام فلاں بن فلاں یا بنت فلاں بن کا بستہ ہو اور مبتلا میرا یا میری ہو کر بے قرار رہے نقش مکرم یہ ہے۔

ع ع ع	ع ع ع ع	ع ع	مردمج	یہوع
ج ج ج	ع ج ج ج	م م م	۲۴	۰
۷۷	۸۴۴	۲۲۴	۳	۰

دیگر۔ نقش قل ھو اللہ کی بھی وہی تاثیر ہے چاہے کہ باطہارت تمام یہ نقش اپنے پاس رکھے اور پڑھے بعد اکیس روز کے اثر اس کا معائنہ کرے یہ ہے۔

۸۶	۲۰۰	۶۰۶	۳۰۰	۵۰	۵۰۰
۹۸۸	۳۰۰	۳۴	۳۰۰	۷	۳۰۰
۱۸	۳۰	۲۰	۳۰۰	۸۱۱	۳۰۰

دیگر۔ اس نقش کو روز یکشنبہ یا سہ شنبہ رات پتوں پیپل پر لکھ کر آگ میں چھوڑ دے مصاوب بے قرار ہو کر حاضر آوے۔ فلاں بن محبت فلاں بن العجل العجل العجل الساعۃ۔

لح ملح طلح ملح ملح

دیگر۔ اگر یہ شکل لکھ کر کنویں میں چھوڑ دے اور ہر نقش میں مطلوب کا لکھے مطیع اور فرمانبردار ہو شکل یہ ہے۔

دیگر۔ اگر چاہے کہ درمیان دو شخصوں کے الفت کامل پیدا ہو۔ روز یکشنبہ کو یہ طلسم لکھ کر پانی میں ڈبو کے طالب و مطلوب کو پلاوے کبھی جدا نہ ہوں صورت یہ ہے۔



دیگر۔ واسطے محبت اور مطیع کرنے کے چاہے کہ بروز پنجشنبہ سفید کپڑے پر تعویذ لکھ کر آگ میں جلا دے اگر پانچ پنجشنبہ تک عمل کرے مطلوب حاضر ہوگا۔ نقش یہ ہے۔ ۹۹۴۳ ح ح ح ع ع ۲۲۲ ط کا فلاں بنت فلاں

دیگر۔ واسطے حب کے ازمودہ اور لاجواب ہے چاہے کہ بروز سہ شنبہ ایک روٹی جو کی بطہارت تمام پکا کے آٹھ ٹکڑے کرے اور یہ آٹھواں اشکال آٹھواں پر لکھ کر واسطے مرد کے لگے تو سگ کو اور اگر واسطے عورت کے ہو تو مادہ سگ کو کھلاوے اور بوقت کھلانے کے یہ کہہ دے کہ اگر محبت ہوگی تو تجھ کو قتل کر ڈالیں گے وہ یہ ہے۔

دیگر۔ جمعہ یا پیر کو یہ نقش مطلوب کے بالوں میں لپیٹ کر سات جلاوے مطلوب فریفتہ و شیدا ہو جاوے نقش یہ ہے۔

۳	۵	۱۱	۵	۱۱	۱۱	۵
۵	۷	۲۱	ر	د	ر	ر
ر	۵	غ۸	۱۱	۱۱	۵	۵۵

دیگر۔ واسطے حب کے اتوار روز تین ٹکڑے روٹی کے کر کے اور اوپر یہ شکل لکھ کر کتے کو کھلا دے اور پارچہ ہائے نان مذکور پر نام مطلوب کا مع مادر اور نام اپنا مع نام والدہ اپنی کے لکھے اور وقت کھلانے کے کتے سے کلمات کے اگر موافقت نہ ہوگی تجھ کو ہلاک کر دوں گا۔ نقش یہ ہے۔ (اح ب ادوس)

دیگر۔ واسطے عداوت کے دو شخصوں میں نفاق ہو جاوے۔ یہ نقش کاغذ پر لکھ کر اس شخص کے گھر میں دفن کر دے بعد ایک ہفتہ کے جدائی اور بخشش طرفین کی معائنہ کرے مگر زیر تعویذ نام دو شخصوں کا لکھ دے اس طرح

پر ۱۱۹۶۱۶ عہ ولا ۷۷ عہ ۸۸ م م ط ط ۱۱۱۱ ۹۶۱۱۲۱۱۱۱ ۷۷۷۷۹ ۱۲۱۷۷۷۷ ام وم ط عہ عہ

دیگر۔ واسطے عداوت کے بروز شنبہ تر دل ماہ میں کاغذ سیاہ پر لکھ کر اور دبس زاغ میں لکھے آگ میں چھوڑ دے اور چراغ خام پر بھی لکھ کر آگ میں چھوڑنا لکھا ہے مگر وہ بہت درست ہے۔ اجازت غلام علی شاہ صاحب فقیر مکمل کی۔

کھیل اور کھلاڑی

حقیقت یہ ہے کہ کھیل کا میدان بھی عملی طور پر میدان جنگ ہوتا ہے۔ ہاں اُصولوں میں فرق ہوتا ہے۔ تاہم کامیابی کے لیے پوری توانائی کا استعمال دونوں جگہوں پر ہوتا ہے۔ کسی بھی کھیل کا شوق ہو بطور کھلاڑی بلڈ سٹون کا استعمال آپ کے اندر غیر معمولی گرم جوشی اور طاقت پیدا کرنے کے ساتھ آگے بڑھنے اور کامیاب ہونے کی اُمنگ دیتا ہے۔ کھلاڑیوں کو بلڈ سٹون کا استعمال کرنا چاہیے۔ یہ جسم اور دماغ دونوں کو تیزی، چستی اور طاقت دینے کا باعث ہوگا۔

بلڈ سٹون

دیگر۔ اس نقش معظم میں فوائد ہیں۔ چنانچہ محبوس اگر نقش کو زمین یا تختہ جواب پر قلم آنار سے بموجب ترکیب مرقومہ ذیل کے لکھے جلد رہائی پاوے۔ اگر لکھنا نہ جانے تو لکھوا کے پاس رکھے یا دیوار قید خانہ پر تحریر کرے یا لکھوا دے۔ بشرطیکہ بلا قصور قید ہو گیا ہو اور اگر درمیان زن وشوہر کے نفاق ہو تو ہر ایک چلہ بھر لکھنے سے محبت پیدا ہووے اور بحفظ خوف زوگی تختہ نقرہ پر منقش کروا کے گردن کو دک میں پہناوے ڈر اور خوف وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ اور کسی حال میں تراسان نہ ہوگا اور واسطے خوف حاکم کے اپنے پاس رکھے امن امان میں رہے گا اور واسطے مروم فراری کے پشت نقش پر نام اس کا لکھ کر زیر سنگ دبا دے تو انشاء اللہ تعالیٰ گریختہ پھر آوے گا۔ اگر چاروں کونوں پر کھیت کے دفن تو وہ کھیت مور اور ملخ سے محفوظ رہے آثات البیت کے واسطے بھی مفید تر ہے چاہے کہ پیشتر بموجب قاعدہ عملیات کے اس پر حامل ہو اور نقش ھذا کو شرف قمر اور ساعت نیک میں شروع کرے او بموجب نشان ہندسہ کے ہر خانہ لکھے یعنی عدد ایک سے عمل کرے نقش اس کا یہ ہے۔

خیر	ص ء	احد ۴
کبیر	بصیر ۵	لطیف ۴
باری ۶	واجدا	قدیر ۸

دیگر۔ اس نقش میں خواص کثیر میں خاص کر واسطے کشائش دینوی کے بے نظیر لیکن پیشتر اس ترکیب سے عامل ہونا چاہے کہ بیس عدد تعویذ بلا ناغہ چالیس روز تک وقت صبح کے لکھے اور دریا میں چھوڑ دے بعد ایک چلہ کے پندرہ نقش پندرہ روز تک قلم شاخ از باباڈنک سے لکھ کر پشت تعویذ پر مطلب دلی لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دیا میں چھوڑ دے اور بعد حصول مطلب کے زکوۃ بھی دینا چاہے یعنی فقرا اور مساکین کو کھانا کھلا دے یا دو نقش بابت زکوۃ کے ہر روز لکھ کر ہمزاد نقش مطالب کے دریا انداز کرتا رہے نقش مکرم ومعظم یہ ہے۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

دیگر۔ یہ نقش یا بدوح کا واسطے طالب حاجات کے اکتالیس نقش لکھ کر طاق میں رکھ دیں اور ایک پتھر گراں بار نقوش پر رکھے بعد چالیس روز کے نقوش مذکور نکال کر دریا میں ڈالے جو نقش کہ حب میں آگے ہو جاوے اس کو لے کر دستار یا ٹوپی میں سر پر نگاہ رکھے تاثیر نقش ہذا کا تماشا دیکھے نقش یہ ہے۔

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

دیگر۔ یہ طلسم بروز یکشنبہ سکورہ آب نارسید پر لکھ کر سات مرتبہ سر سے پاؤں تک مریض پر آتارے اور آتشی بے درد یعنی کولوں کی آگ میں چھوڑے بعد تھوڑے سے عرصہ کے چراغ کو آگ سے نکال کر دیکھے اگر حرف سفید نظر آویں آسیب جن معلوم کرے اگر حرف سرخ ہوں تو آسیب، چڑیل دجوگنی کا سمجھے اگر حروف غائب ہو جائیں آسیب دیو کا تصور ہے۔ اگر حروف اصلی رہیں تو بیماری بدنی وعارضہ جسمانی تصور کرے۔ نقش اس کا یہ ہے۔

صا ۲۰۱۱۳۱ لاع ۲۱۹۶۴۲۱۱۲۲ عدد

دیگر۔ یہ نقش ۳۴ کا واسطے رزق دینوی کے مصلصلی بہت موثر و آزمودہ ہے چاہے کہ ۳۴ نقش ہر روز اس ہ علی الصباح بطہارت تمام ۳۴ روز تک لکھ کر مکنوبیں میں چھوڑے بعد ازاں ۱۶ نقش ۱۶ روز تک لکھ کر چاہ انداز کرے بعد اس کے چار نقش بطور زکوۃ کے لکھ کر کنویں میں چھوڑے اگر صدق دل سے یہ عمل کرے درمیان دو مہینے کی مراد دلی حاصل ہو عروس مرام سے کلام متواصل ہو۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

دیگر۔ ترکیب استخارہ حضرت نظام الدین اولیا بعد طہارت اور وضو کے ہزار لا الہ سے الا للہ تک پڑھے اور اس مثلث کو لکھ کر سرہانے رکھ لے اور جو کچھ مدعا دلی ہو اس پر خیال کر کے سورے سے اور اعدا کا دن سے عمل تحریر کرے۔

۷۸۶

۵۶	۵۱	۵۸
۵۷	۵۵	۵۳

نجومی رپورٹ 23 اہم امور

ہماری یہ نجومی رپورٹ اس بات کو مدنظر رکھ کر بنائی گئی ہے کہ آپ کم سے کم رقم خرچ کر کے زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کر سکیں۔ یہ رپورٹ اپنے اندر کیا کچھ لیے ہوتی ہے اس کا مکمل اظہار کے لیے ذیل میں مختصر طور پر اُن معاملات کو بیان کیا گیا ہے جو اس رپورٹ میں زیر بحث آئیں گے۔ یہ رپورٹ آپ صرف اپنے لیے ہی نہیں۔ اپنے بچوں اور اپنے عزیز و اقارب کے لیے بھی بنوا سکتے ہیں۔ بالیقین یہ ایک جامع' دلچسپ اور سستی رپورٹ ثابت ہوگی۔ رپورٹ میں زیر بحث آنے والے 23 امور درج ذیل ہیں۔

1. آپ کا مزاج و کردار کس طرح کا ہے؟
2. زندگی میں خوشیوں اور تکمیل خواہشات کے موضوع کا بیان۔
3. محبت و رومانس کے معاملات' دیکھیں آپ کے لیے اس میں کیا ہے؟
4. عام ڈگر سے ہٹ کر آپ کی دلچسپیاں اور مشاغل کیا ہو سکتے ہیں؟
5. معاملات صحت کیسے رہیں گے؟ کون سے امراض تنگ کر سکتے ہیں؟
6. مالی معاملات کی صورت کیا ہوگی؟ مال و دولت کی چند خاص باتیں۔
7. آپ کی زندگی اور طریق زندگی آپ کی نظر میں۔
8. کیریئر/معاشی معاملات میں کامیابی' کیوں اور کیسے؟
9. روزگار کے معاملات کیسے رہیں گے؟ کیا کریں اور کیسے کریں؟
10. آپ کا ذاتی برج کون سا ہے؟
11. آپ کا ذاتی ستارہ کون سا ہے؟
12. کس کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگا؟
13. ہفتہ کا کون سا دن آپ کے لیے بہتر ہے؟
14. آپ کا خوش قسمتی کا رنگ کون سا ہے؟
15. کون سی دعائیں آپ حصول خوش قسمتی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں؟
